اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ   وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَا سَیِّدِیْ یَا حَبِیْبَ اللّٰہ

میزابِ رحمت

شانِ صاحب درود | فضائل درود | مشاہدات درود

نایاب درود | سات حزب درود

تصنیف

خادم درود **احمد منظور** منگریو

میزابِ رحمت

تصنیف

خادمِ درود **احمد منظور** (منگریو)

احسان پبلیکشن میہڑ سندھ 2021ع

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سلسلہ نمبر16

کتاب کا نام: میزابِ رحمت

تصنیف: خادمِ درود احمد منظور (منگریو)

عربی کمپوزنگ: ابوطاہر حامد انصاری، ماتلی

اردو کمپوزنگ: وقار احمد مغل، حیدرآباد

ٹائٹل: ارسلان چشتی

پروف ریڈنگ: سید محمد حمزہ قمر (اسلام آباد)

پروفیسر شیر محمد گھوٹو (حیدرآباد)

تعداد: ایک ہزار

تاریخ اشاعت: 24 اگست 2021ع

ناشر: احسان پبلیکیشن میہڑ، سندھ

0300-3671729

پرنٹنگ: شاہ ولایت پرنٹنگ پریس، نیاپل حیدرآباد۔

0312-4767005

قیمت: =/250

ISBN 978-969-9289-05-7

کتاب ہذا گھر بیٹھے حاصل کرنے کے لیے ہم سے رابطہ کریں

احمد منظور منگریو، کال اور واٹس ایپ نمبر: 0301-3583751

فہرست

منسوب

الحمدللہ میں اپنی یہ کتاب پنجتن پاک کو منسوب کرنے کی

سعادت حاصل کر رہا ہوں

حضرت سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ایصالِ ثواب

محمد صالح

زوجہ محمد صالح

ملک عبدالخالق

روبینہ کوکب

اور

پوری امت محمدیہ کے تمام مسلمین و مسلمات کے نام

خدمات

خادمِ درود احمد منظور کی سوشل میڈیا پر درود پاک کے حوالے سے خدمات

فیس بک گروپ

1. درود شریف سے مشکلات کا حل
2. درود شریف سب وظائف کا سردار ہے

یوٹیوب چینل

خادمِ درود احمد منظور

اور واٹس ایپ پر مرد اور خواتین کے لیے دو الگ الگ گروپس ہیں۔

جن میں الحمد للہ ابھی تک دس ارب سے زیادہ درود پاک پڑھا جا چکا ہے۔

ان گروپس میں شامل ہونے کے لیے خادمِ درود احمد منظور سے اس واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں۔

0301-3883751

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَارَسُوۡلَ اللّٰهِ

وَعَلٰى اٰلِكَ وَاَصۡحَابِكَ يَا حَبِيۡبَ اللّٰهِ

تمام تعریفیں اللہ کے لیے جو وحدہ لاشریک ہے۔

ہماری آنکھوں نے اللہ کریم کی ذاتِ پاک کو تو نہیں دیکھا لیکن سورج کے چمکنے میں، دریاؤں کے بہنے میں، بارشوں کے برسنے میں، پھولوں کے مہکنے میں، غور کرنے سے اس ذاتِ پاک کے جلوے ضرور نظر آتے ہیں۔

شعر

حسین منظر ہر طرف ، چمکتے ستارے دیکھ کر
حیرت میں عقل سے آگیا، دلکش نظارے دیکھ کر
ضرور ہے کوئی بنانے والا ، کائنات کو چلانے والا
مان گئے "احمد منظور" ہم، سسٹم یہ سارے دیکھ کر

(احمد منظور)

زمینوں کا، آسمانوں کا، سارے جہانوں کا اللہ ہی اکیلا خالق اور مالک ہے۔

جیسا کہ اللہ پاک نے خود قرآن پاک میں ارشاد فرمایا

لَوۡ كَانَ فِيۡهِمَاۤ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا

اگر زمین و آسمان پر اللہ کے سوا کوئی اور معبود ہوتا تو سارا نظام بگڑ جاتا۔

جب تک کوئی اللہ کی عظمت کو نہیں سمجھ پاتا تب تک اسے عبادت الٰہی میں لذت نہیں ملتی۔

اللہ کی شان، اللہ کی عظمت، اللہ کی بڑائی اور کبریائی کو سمجھنے کے لیے ہمیں اللہ کی قدرت میں، اللہ کی تخلیق کردہ چیزوں میں غور و فکر کرنا چاہیے۔

حدیث پاک میں ہے میرے آقا و مولا ﷺ نے فرمایا اللہ کی قدرت میں ایک پل غور کرنا ستر سالوں کی عبادت سے بہتر ہے۔

جب تک کوئی شخص اللہ کی عظمت اور کبریائی سے آگاہ نہیں تب تک اسے اللہ کے پیارے محبوب ﷺ کی شان اور بلند مقام کا اندازہ کیسے ہو سکتا ہے۔

اور جب تک کوئی شخص شانِ محمد عربی ﷺ سے تھوڑا بھی آگاہ نہیں تب تک اگر وہ درود و سلام پڑھے بھی تو وہ درود و سلام کی حقیقی لذت اور درود پاک سے ملنے والی راحت اور روحانیت سے محروم ہی رہتا ہے۔

میں بندہ خاک سار خادمِ درود احمد منظور درود شریف کے موضوع پر پہلے بھی ایک بہترین کتاب لکھ چکا ہوں جس کا نام ہر درد کی دوا ہے صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٌ

میں نے جو پہلی کتاب لکھی ہے وہ بھی اللہ کے فضل و کرم سے کریم آقا ﷺ کی نگاہ کرم عطا اور عنایت سے لکھی ہے اور یہ کتاب بھی محض اپنے پیارے مالک کے فضل پیارے آقا ﷺ کی عطا سے ہی لکھ رہا ہوں۔

میرے پاس اللہ کے فضل و کرم اللہ کے پیارے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خصوصی کرم نوازی اور درود و سلام کی برکتوں اور رحمتوں کے علاوہ کچھ بھی نہیں ہے۔

نہ میرے پاس علم ہے نہ عمل ہے بس جو بھی ہے وہ کریموں کا کرم ہے۔

شعر

یہ کرم ہے رب کریم کا
مجھے درود پڑھنا سکھا دیا
یہ عطا ہے میرے آقا کی
مجھے خادمِ درود بنا دیا

خادمِ درود احمد منظور

گوٹھ انور خان نظامانی نزد ماتلی، سندھ

موبائل: 0306-8299864

واٹس ایپ: 0301-3583751

شانِ صاحبِ درود

جس پاک اور عظیم ہستی پر ہم درود بھیجتے ہیں۔ اس پاک ہستی ﷺ کی شان اللہ نے بلند فرمائی ہے۔ ہمارے پیارے آقا ﷺ سیدِ عالم ہیں، محسن کائنات ہیں، باعثِ تخلیقِ کائنات ہیں، ہمارے آقا ﷺ محبوبِ رب العالمین ہیں، اللہ رب العزت نے یہ جہان بنایا ہی محمد ﷺ کے صدقے ہے۔

شعر

ساری مخلوق کی شان محمد ہیں
اس ساری کائنات کی جان محمد ہیں

(احمد منظور)

ہمارے پیارے آقا ﷺ کی حقیقی شان، مقام مرتبے کا تو صرف اللہ کو ہی پتا ہے۔
لیکن یہاں میں آقا ﷺ کی شان اقدس کے حوالے سے چند باتیں لکھنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

اللہ سے دعا ہے کہ یہ باتیں پڑھ کر پڑھنے والوں کے دل میں عظمت رسول اور محبت رسول ﷺ پیدا ہو جائے۔ محبتِ رسول ﷺ ہی اصل دین اور ایمان ہے۔
ہر چیز کی ایک روح ہوتی ہے اسلام دین ہے دینِ اسلام کی روح محبتِ رسول ﷺ ہے۔

میرا پیغام درود پاک ہے، پیغامِ درود دراصل پیغامِ عشقِ رسول ﷺ ہے۔

شانِ محمد عربی ﷺ

آقائے کائنات ﷺ فرماتے ہیں میں حبیب اللہ ہوں، نعمت اللہ ہوں، رحمت اللہ ہوں، ذکر اللہ ہوں، نور اللہ ہوں، روزِ محشر لَوَاءُ الْحَمْدَ کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہو گا، حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک تمام انبیاء میرے جھنڈے کے سایہ تلے ہوں گے۔

فرمایا میں سید الشافعین ہوں، جب سور پھونکا جائے گا تو سب سے پہلے میں قبرِ انور سے سر اٹھاؤں گا، میں خاتم المرسلین ہوں، میرے بعد قیامت تک کوئی اور نبی ورسول بن کر نہیں آئے گا۔

اللہ رب العزت نے قرآن پاک میں فرمایا۔

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ

اور حضرت جبرائیل کے ذریعے پیغام بھیجا کہ

اِذَا ذُكِرْتَ ذُكِرْتُ مَعِيْ

اے میرے حبیب ﷺ جس نے آپ کا ذکر کیا اس نے میرا ذکر کیا جس نے آپ کو یاد کیا اس نے مجھے یاد کیا۔

لہٰذا کوئی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنے سے مسلمان نہیں ہو سکتا بلکہ مسلمان وہ ہے جو لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے ساتھ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کا بھی زبان سے اظہار کرے اور دل سے اقرار کرے۔ اللہ تعالیٰ نے اذان میں، اقامت میں، خطبہ میں، نماز میں، اپنے ذکر کے ساتھ اپنے حبیب ﷺ کے ذکر کو لازمی رکھا ہے۔ سبحان اللہ

باعثِ تخلیق کائنات ﷺ

ایک جامع حدیث حضرت محمد ﷺ کے آغازِ تخلیق کے بارے میں اس حدیث کو حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت کیا ہے اس حدیث کو تمام علماء کرام نے قبول کیا ہے۔ حضرت جابر نے آپ کریم ﷺ کی تخلیق کے بارے میں پوچھا تو آپ کریم ﷺ نے یہ جواب ارشاد فرمایا سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے جس چیز کو پیدا فرمایا وہ تمہارے نبی محمد ﷺ کا "نور" ہے۔

اے جابر اس کے بعد اس نور یعنی نور محمدی سے ہر خیر اور اچھی چیز کو پیدا فرمایا اس کے بعد دوسری چیزوں کی تخلیق ہوئی۔

جب اللہ تعالیٰ نے مجھے پیدا فرمایا اپنے مقابل مقام میں بارہ ہزار برس حاضر رکھا۔ پھر اس نور کو چار حصوں میں تقسیم فرمایا ایک حصے سے عرش کو پیدا کیا، دوسرے حصے سے کرسی کو پیدا کیا، تیسرے حصے سے عرش کو اٹھانے والے اور کرسی کو سنبھالنے والے اور انتظار کرنے والے فرشتوں کو تخلیق فرمایا، پھر چوتھے حصے کو مقامِ محبت میں بارہ برس حاضر رکھا پھر اس کو چار حصوں میں تقسیم کیا، ایک حصے سے قلم، دوسرے حصے سے لوح، تیسرے حصے سے جنت کو پیدا فرمایا، پھر چوتھے حصے کو مقامِ خوف میں بارہ ہزار برس قائم رکھا، بعد میں اس کے پھر چار حصے فرمائے، ایک حصے سے فرشتے، دوسرے حصے سے سورج اور چاند اور تیسرے حصے سے ستاروں کو پیدا فرمایا پھر چوتھے حصے کو مقامِ امید میں بارہ ہزار برس حاضر رکھا، اس کے بعد پھر اسے چار حصوں میں تقسیم کیا، ایک حصے سے عقل، دوسرے حصے سے علم اور حلم تیسرے حصے سے عصمت اور توفیق کو پیدا فرمایا چوتھے حصے کو پھر مقام حیا میں بارہ برس حاضر رکھا اس

کے بعد اس حصے نور پر اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کی نظر ڈالی تو میرا وہ نور جلال اور جمال الٰہی سے پسیجنے لگا اور قطرے قطرے ٹپکنے لگے، میرے نور سے ایک لاکھ چوبیس ہزار قطرے ٹپکے، اللہ تعالیٰ نے ہر قطرے سے نبیوں اور رسولوں کی روحوں کو پیدا فرمایا۔

اس کے بعد نبیوں کی روحیں سانسیں لینے لگیں اللہ تعالیٰ نے ان سانسوں سے ولیوں، خوش قسمتوں، شہیدوں اور قیامت تک پیدا ہونے والے فرماں بردار مومنوں کی روحوں کے نور کو پیدا فرمایا۔

اے جابر سمجھ لے! کہ عرش اور کرسی میرے نور سے ہیں ملائکہ، مقربین میرے نور سے ہیں۔

ساتوں آسمانوں کے فرشتے میرے نور سے ہیں جنت اور جنت میں جو کچھ نعمتیں ہیں سب میرے نور سے ہیں۔

عقل، علم، حلم، عصمت اور توفیق میرے نور سے ہیں۔ تمام رسولوں اور نبیوں کی روحیں میرے نور سے ہیں۔ شہداء، سعداء اور صالحین کی روحیں میرے نور سے ہیں، نہیں نہیں بلکہ میرے نور کے نتیجے اور پھل سے ہیں (کیونکہ ان کی روحوں کو نبیوں کی سانسوں سے پیدا فرمایا گیا ہے) میرے اس نور سے پسینہ ٹپکنے کے بعد اور ہر قطرے سے نبی اور رسول کی تخلیق ہو جانے کے بعد اللہ تعالیٰ نے بارہ نورانی پردے قائم فرمائے۔

اور میرے نور کو ہر ہر پردے میں ایک ایک ہزار برس تادیب اور ترتیب کے لیے حاضر رکھا۔ ان پردوں کو مقامات عبدیت کہا جاتا ہے ان پردوں کے نام یہ ہیں۔

حجابِ کرامت، حجابِ سعادت، حجابِ ہیئت، حجابِ رحمت، حجابِ رافت، حجابِ علم، حجابِ حلم، حجابِ وقار، حجابِ سکینہ، حجابِ صبر، حجابِ صدق، حجابِ یقین۔ میرا وہ نور ہر ہر پردے میں ہزار برس اللہ کی عبادت بجا لایا جب میرا نور ان تمام حجابوں سے کامیابی اور برگزیدگی کا تمغہ لے کر نکلا۔ اللہ جلا جلالہ نے آدم کی مٹی میں مجھے سوار کر دیا۔

میرے نور کو آدم علیہ السلام کی پیشانی میں جگہ بخشی، اس کے بعد شیث علیہ السلام کی پیشانی میں منتقل کر دیا، پھر اسی طرح پیشانی بہ پیشانی منتقل ہوتے ہوئے عبداللہ بن عبدالمطلب کی پیشانی سے میری ماں، میرا ٹھکانہ میری ماں آمنہ کے رحم میں بنایا، پھر مجھے دنیا میں سیدالمرسلین، خاتم النبیین اور رحمتہ اللعالمین بنا کر ظاہر فرمایا۔

اے جابر اس شکل وصورت میں تیرے نبی کی تخلیق کا آغاز ہوا۔

شعر

باعثِ تخلیقِ کائنات محمد ہے
بنتی ہی جس سے بات، وہ بات محمد ہے
خدا خود جس پر بھیجتا ہے درود "احمد"
کائنات کی وہ عظیم ذات، ذات محمد
ہے

(احمد منظور)

شانِ محمد ﷺ ابوالبشر آدم علیہ السلام سے سنیں

ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام اپنے بیٹے حضرت شیث علیہ السلام کو نصیحت کرتے ہوئے فرمارہے تھے۔

اے میرے پیارے بیٹے میری جبیں سے منتقل ہو کر تمہاری پیشانی میں جو نور چمک رہا ہے وہ نور محمدی ہے جو نبیوں کا سرتاج ہے اور وہ نبی آخر الزماں ﷺ ہیں۔

بیٹا جب جب تو اللہ کا نام لیا کرے تو محمد کے نام سے اللہ کے نام کو سجایا کر۔ کیونکہ ذکرِ محمد ﷺ کے بغیر ذکرِ خدا میں رونق نہیں آتی۔

اسم "ذات" اس وقت اپنے جمال و کمال کا مظاہرہ فرماتا ہے جب اس کے ساتھ اس کے کمالات کا حقیقی مظہر اسم محمد ﷺ لیا جائے۔

ایک روایت میں آتا ہے کہ حضرت شیث علیہ السلام نے دریافت کیا کہ اے والدِ بزرگ، آپ ہمیشہ بڑی ترغیبی انداز میں نبی آخر الزماں ﷺ کا وصف بیان کرتے آئے ہیں۔

ذرہ اتنا تو بتلا دیجیے کہ آپ میں اور نبی آخر الزماں ﷺ میں کیا فرق ہے؟

حضرت آدم علیہ السلام یہ سن کر خوف و حسرت سے فرمانے لگے، اے میرے بیٹے شیث علیہ السلام محمد عربی ﷺ کے ساتھ کبھی بھی میرا مقابلہ نہیں کرنا۔ ان کی بزرگی و شرف و شان کا اندازہ ان کی امت کا میرے ساتھ موازنہ کرنے سے تجھے پتہ چل جائے گا کہ آپ ﷺ کا مرتبہ میری قوتِ رسائی کی حد سے بعید ہے، بیٹا سن اور یاد رکھ! مجھ سے بے خیالی میں ایک بھول ہو گئی تھی تو بحکم الٰہی میرے کپڑے نکل گئے تھے میں بے ستر ہو گیا، جنت

کے پتوں سے ستر چھپانے کی کوشش کی تو پتے مجھ سے بھاگنے لگے اور پناہ مانگنے لگے۔ مگر امت محمدی ہزار گناہ دانستہ کرے گی، پھر بھی ان کا ستر نہیں کھلے گا۔ وہ بے ستری سے بچ جائیں گے اور میں نہ بچ سکا۔

بیٹا! ایک خطا مجھ سے سرزد ہوگئی تھی مجھے میرے گھر سے نکال دیا گیا فرشتوں نے ملامتیں کیں۔ مگر امت محمدی گناہوں پر گناہ کرے گی لیکن ان کو بے گھر نہیں کیا جائے گا، فرشتوں کو ملامت کرنے کی بھی اجازت نہ ہوگی۔

اے بیٹا شیث! ایک معمولی جرم پر مجھے میری اہلیہ سے جدا کر دیا گیا، میں سراندیپ لنکا میں اور تمہاری ماں جدہ میں ایک دوسرے سے جدا بے خبر رہے۔ مگر امت محمدی بے شمار جرم کرے گی، ان کی بیویاں ان سے جدا نہ ہوں گی، تمہاری ماں کو فرقت کی مصیبتیں جھیلنی پڑیں، ان کی بیویوں کو مفارقت کے داغ سے ارحم الراحمین بچالیں گے۔

بیٹا! مجھے ایک لغزش کی پاداش میں تین سو برس مارا مارا پھرایا اور زار زار رلایا، ہزار مغفرت مانگی پھر بھی اس وقت تک توبہ قبول نہ ہوئی جب تک آقائے دو عالم ﷺ کا وسیلہ نہ پکڑا۔ میری نبوت و صفوت کی کشتی ڈوب جاتی اگر محمد ﷺ کا نام زبان پر نہ آتا۔ مگر امت محمدی ہزاروں گناہ دیدہ دانستہ کرنے کے بعد جب مغفرت کے لیے ہاتھ اٹھائے گی یا سجدہ میں گر پڑے گی تو رحمت خداوندی ان کو لمحہ بھر میں بخشش عطا کرے گی ان کی توبہ قبول ہونے کے لیے لمحہ بھر کی توبہ و ندامت کافی ہوگی۔ مجھے تین سو برس بعد نجات ملی انہیں لمحہ بھر میں چھٹکارا مل جائے گا۔

بیٹا! ایک خطا پر جس کا نہ میرا ارادہ تھا نہ احساس اور جس کو میں نے گھر کے اندر کیا تھا اس کی سزا میں مجھے گھر سے دور کر کے بے کسی اور بے بسی کی حالت میں زار زار رلا کر مغفرت کی بشارت سنائی۔

امت محمدی گھر سے دور شہر سے باہر دیس بدیس گھوم گھوم کر ہزار ہا جرم اور نافرمانیاں کرے گی، پھر بھی جب گھر لوٹ کر توبہ کرے گی، اللہ تعالیٰ بخشش کا دریا بہادے گا، انہیں گھر سے بے گھر نہ کیا جائے گا۔

اے بیٹا! ایک خطا پر اللہ تعالیٰ نے تیرے والد کو گھر کی لذت و آرام سے محروم کر دیا، پردیس میں سخت تکلیفوں کا سامنا کر کے زندگی گذارنی پڑی۔ لیکن امت محمدی سے ہزار خطائیں سرزد ہوں گی۔ پھر بھی گھر کی لذت و مسرت نہ چھینی جائے گی، بحر و بیاں کی سختی توبہ کی قبولیت کے لیے لازم نہ ہوگی۔

بیٹا! کہاں تک بیاں کروں نبی آخر الزماں باعث کون و مکاں اور محبوبِ ربِ دو جہاں کے مناقب میری زبان حد امکان سے دور و بعید ہے۔

بیٹا شیث! مختصر طور پر جان لو کہ تیرے والد کے بے جان ڈھانچہ میں اس وقت تک روح گھسنے نہ پائی جب تک میری جبیں پر نور محمد ﷺ کا قدم نہ آیا یعنی مجھے جان ملی تو صرف محمد مصطفیٰ کے دم قدم سے۔

کوئی ہم جنس اور ساتھی نہ ہونے کی وجہ سے تیرا والد جنت میں بھی اداس تھا۔

میری اداسی دور کرنے والا ہم نشین سے ہم آغوشی مرحمت فرمانے والا محمد ﷺ کا وسیلہ تھا مجرم قرار پا کر تین سو برس گریہ و زاری سے معافی نہ ملی لیکن جب رسول عربی مکی و

مدنی صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے بارگاہِ رب العزت میں گڑگڑایا تو فوراً قبولیت کی صدا آئی۔ میری توبہ قبول ہونے کا سبب وسیلہ محمدی تھا۔

پس یاد رکھنا! تیرے والد کی زندگی کا آغاز ہم نشینی رفیقہ حیات اور عذابِ الٰہی سے نجات کا واحد ذریعہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

بیٹا شیث! اگر اپنی حیات کی ابتداء سے انتہاء تک کامیابی و سرخروئی چاہتا ہے تو ذکرِ الٰہی کے ساتھ صلوٰۃ رسول میں مشغول رہا کر، یہ ایسی کنجی ہے جس سے دریائے رحمتِ الٰہی خود بخود رواں ہو جاتا ہے۔

شعر

بگڑی کو بناتا ہے ، نام محمد کا
ہے دین محمد کا ، اسلام محمد کا
بنائی ہے جہنم اللہ نے لیکن
جہنم سے بچانا ہے کام محمد کا

(احمد منظور)

اُمّی نبی ﷺ

قرآن پاک میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ

لفظ اُمّی کا مطلب کیا ہے۔ عربی میں اَلْاُمُّ کا مطلب ہے ہر چیز کا اصل ہر چیز کا جوہر عربی زبان میں ماتا کو اُمِّیَّۃِ اور اُمُوْمَۃَ کہا جاتا ہے چونکہ محمد مصطفی احمد مجتبیٰ ﷺ اصل موجودات اور جوہر کائنات ہیں اس لیے اللہ جل جلالہ نے اپنے محبوب کا تعارف اپنے بندوں سے جب کرانے کا ارادہ کیا تو لفظ اُمّی سے پہچان کرائی تاکہ میرے بندے اس بات کو سمجھ جائیں کہ اگر محمد ﷺ نہ ہوتے تو کائنات وجود میں نہ آتی کیونکہ بغیر جڑ کے درخت کا وجود نہیں ہوتا۔ اس طرح محمد ﷺ کے بغیر یا اظہارِ نور محمدی کے بعد ظہورِ الٰہی خود خدا کو منظور نہیں۔

لہٰذا حضرت محمد ﷺ نے بارہا زور دے کر فرمایا کہ تم جب مجھ پر درود بھیجو تو "نَبِیِّ الْاُمِّیِّ" کا لفظ استعمال کیا کرو کیونکہ ایک لاکھ چوبیس ہزار نبیوں کی اصل اور جڑ میں ہی ہوں۔

یا پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کی تعریف "اُمِّیَّۃَ" یعنی ماں کی ماتا سے فرمائی ہے یعنی میرا محبوب عام نبیوں جیسا نہیں ہے بلکہ تمام نبیوں کی اصل اور جڑ ہے اگر ان کی ماتا نبیوں کے شامل حال نہ ہوتی تو کوئی بھی نبی نہ بنتا۔۔۔۔۔۔۔۔۔ واللہ اعلم۔

رحمت اللعالمین نبی ﷺ

ہمارے پیارے آقا ﷺ کو اللہ کریم نے سارے جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

خود خالقِ کائنات نے ارشاد فرمایا۔

وَمَآ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ

اے نبی ﷺ ہم نے آپ کو سارے جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

ہمارے اللہ رب العالمین ہیں اور رب کریم نے اپنے محبوب ﷺ کو صرف ہمارے لیے ہی نہیں بلکہ سارے جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

آپ کریم ﷺ نے فرمایا۔

يَآاَيُّهَا النَّاسُ اَنَا رَحۡمَةٌ مُّهۡدَاةٌ

میں وہ رحمت ہوں جو اللہ نے اپنی مخلوق کو بطور تحفہ دی ہے۔ سبحان اللہ ہمارے سوہنے آقا ﷺ صرف مومنوں اور مسلمانوں کے لیے ہی رحمت نہیں بلکہ ہمارے سوہنے آقا ﷺ مشرکین اور کافرین کے لیے بھی رحمت ہیں کہ ہمارے آقا ﷺ کے صدقے مشرک اور کافر بھی دنیا میں اللہ کے عذاب سے بچے ہوئے ہیں۔

رب کائنات نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا

لَقَدۡ جَآءَكُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ عَزِيۡزٌ عَلَيۡهِ مَا عَنِتُّمۡ حَرِيۡصٌ عَلَيۡكُمۡ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ

تمہارے پاس ایک ایسے رسول تشریف لائے ہیں جو تم ہی میں سے ہیں جن پر تمہاری مشقت گراں گذرتی ہے وہ تمہاری بھلائی کی انتہا چاہنے والے ہیں۔ مومنین پر بڑے ہی شفیق اور مہربان ہیں۔

فضائل درود و سلام

(درود شریف روشنی ہے)

درود شریف دل کی روشنی ہے۔

درود شریف آنکھوں کی روشنی ہے۔

درود شریف دماغ کی روشنی ہے۔

درود شریف اندھیری قبر کا روشن چراغ ہے۔

درود شریف پل صراط کے اندھیرے میں روشنی ہے۔

اگر مرشد کا کام ہے راہ دکھانا تو پھر درود پاک بہترین مرشد ہے۔ جو شخص دل کی گہرائیوں سے، محبت سے، خلوص و اخلاص سے درود شریف پڑھتا رہتا ہے تو درود شریف نہ صرف اسے راہِ حق دکھاتا ہے بلکہ ایسا لگتا ہے کہ جیسے درود شریف اسے ہاتھ سے پکڑ کر سیدھی راہ پر چلاتا رہتا ہے۔ درود شریف اندر سے اصلاح کرتا ہے درود شریف دل میں نور پیدا کرتا ہے۔ روشنی پیدا کرتا ہے۔

یہ دل کی روشنی ہی تو انسان کو حق اور سچ کا راستہ دکھاتی ہے۔ ساری بات ہے دل کی، اگر دل میں اندھیرا ہو تو دنیا بھر کے بلب ٹارچیں وغیرہ روشن کر دو لیکن انسان کو حق کا راستہ نظر نہیں آئے گا۔ جب تک دل روشن نہ ہو تب تک انسان اندھا ہی رہتا ہے دل کی روشنی نہ سورج سے ملتی ہے نہ چاند سے نہ ستاروں سے نہ ہی دنیا کی مصنوعی روشنی سے۔

دل کی روشنی دل کا نور تب ملتا ہے جب دل میں محبتِ رسول ﷺ کا دیپ جلے۔

نورِ محمدی دلوں کی روشنی ہے۔ جسے نورِ محمدی کی روشنی نہ ملی اسے اس ترقی یافتہ دور میں اس جدید دور میں بھی راہِ حق نظر نہیں آتی۔ آج وہ بھی لوگ پتھر کی مورتیوں کو پوجتے ہیں۔ آج بھی وہ لوگ گمراہی کے کنویں میں گرے ہوئے ہیں۔

جن کے دلوں میں عشقِ رسول ﷺ کا نور پیدا نہیں ہوا وہ اگر مسلمان بھی ہیں تو صرف نام کے مسلمان ہیں وہ دنیاداری میں غرق ہیں۔

ان کو اپنے عیب نظر ہی نہیں آتے وہ دوسروں کے عیب دیکھنے میں مگن ہیں۔

جب دل روشن ہو جاتا ہے تب صرف اپنے عیب نظر آتے ہیں اور جب اپنے عیب اپنے گناہ نظر آنے لگیں تب ہی تو انسان اپنی اصلاح کی کوشش کرتا ہے تب ہی تو انسان اللہ سے رجوع کرتا ہے رو رو کر اپنے مالک سے اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرتا ہے یہ روشنی کا سفر شروع ہوتا ہی درود شریف سے ہے جس خوش نصیب کو درود پاک پڑھنے کی توفیق مل گئی اس کا روشنی کا سفر شروع ہو چکا، درود شریف پڑھتے رہنے سے سب سے پہلے دل میں عشقِ رسول ﷺ کا نور پیدا ہوتا ہے پھر دماغ روشن ہوتا ہے، خیالات روشن ہوتے ہیں پھر یہ نور یہ روشنی چہرے پر بھی ظاہر ہونے لگتی ہے۔ پھر جہالت کے گمراہی کے خود پرستی کے سارے اندھیرے مٹ جاتے ہیں پھر یہ روشنی پھیلنے لگتی ہے ایک وقت آتا ہے جب درود شریف پڑھنے والا بہت دور تک دیکھتا ہے اسے وہ کچھ نظر آتا ہے جس کا عام انسان سوچ بھی نہیں سکتا۔ پھر رب کریم اس بندے کی لوگوں کو راستہ دکھانے کی ڈیوٹی لگا دیتا ہے۔ اسے عام انسانوں کا رہبر و رہنما بنا دیا جاتا ہے۔

درود پاک کی روشنی صرف دنیا تک محدود نہیں رہتی بلکہ درود پاک کی روشنی اندھیری قبر کو بھی روشن بنا دیتی ہے۔ اور یہ روشنی پل صراط کے اندھیرے میں بھی کام آئے گی۔

درود پاک کی شان

روایت میں آتا ہے کہ ایک مرتبہ حضور نبی پاک ﷺ نے صحابہ کے سامنے پل صراط کے حالات بیان فرمائے کہ پل صراط بال سے زیادہ باریک ہے، تلوار سے زیادہ تیز ہے، آگ سے زیادہ گرم ہے اور ہے بھی اندھیرے میں۔ یہ باتیں سن کر صحابہ کرام غمگین ہو گئے۔

صحابہ کو غمزدہ دیکھ کر میرے آقا و مولا ﷺ بھی غمزدہ ہو گئے کہ میری امت کے لیے پل صراط پار کرنا کتنا مشکل مرحلہ ہو گا۔ یہاں تک کہ میرے کریم لجپال اور شفیق آقا ﷺ کی پاک آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔

اتنے میں اللہ کے حکم سے چار بڑے ملائکہ حضرت جبرئیل علیہ السلام، حضرت میکائیل علیہ السلام، حضرت اسرافیل علیہ السلام اور حضرت عزرائیل علیہ السلام رسولِ پاک ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔

حضرت جبرئیل نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپ کا جو امتی آپ پر دس مرتبہ درود پڑھے گا میرا وعدہ ہے میں اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے بجلی کی طرح پل صراط پار کروا دوں گا۔

حضرت میکائیل علیہ السلام نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپ کا جو امتی آپ پر دس مرتبہ درود پڑھے گا میرا وعدہ ہے میں اسے حوضِ کوثر سے ایسا پانی پلاؤں گا کہ پھر کبھی بھی اسے پیاس نہیں لگے گی۔

حضرت اسرافیل نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ آپ کا جو امتی آپ پر درود پڑھے گا میرا وعدہ ہے کہ میں اس کی مغفرت کے لیے اتنا لمبا سجدہ کروں گا کہ جب تک اللہ کریم اس کی مغفرت نہیں فرمائے گا میں سجدے سے نہیں اٹھوں گا۔

حضرت عزائیل نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ آپ کا جو امتی آپ پر درود پڑھے گا میرا وعدہ ہے میں اس کی روح ایسے نکالوں گا جیسے میں انبیاء کرام کی روح نکالتا ہوں۔ سبحان اللہ

مسلمانو! درود پاک کی شان تو دیکھیں درود پاک پڑھنے والوں کے ساتھ بھلائیاں تو دیکھیں اب بھی اگر کوئی درود پاک نہیں پڑھتا تو اس جیسا بد نصیب کوئی نہیں۔

شعر

ذکرِ مصطفیٰ میں صبح سے شام ہو جائے
درود پڑھتے پڑھتے زندگی تمام ہو جائے
دعوت درود کا جو کرتے ہیں کام "احمد"
ان خوش نصیبوں میں شامل میرا بھی نام ہو جائے

(احمد منظور)

خوش نصیب لوگ

بہت خوش نصیب ہیں وہ لوگ جن کی زبانیں ہمیشہ درود پاک کے ورد سے تر رہتی ہیں۔

میرے پیارے آقا خاتم الانبیاء سید المرسلین ﷺ کے درود پاک کے متعلق مختلف احادیث میں ارشادات سنیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص صبح و شام مجھ پر میری محبت اور شوق کی وجہ سے تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اس کے اس دن اور رات کے گناہ معاف فرمادے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص صبح و شام مجھ پر دس دس مرتبہ درود پڑھے اسے میری شفاعت نصیب ہو گی۔

ایک اور روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص مجھ پر روزانہ پچاس مرتبہ درود شریف پڑھے قیامت کے دن میں اس شخص سے مصافحہ کروں گا۔

رسول پاک ﷺ نے فرمایا جو شخص روزانہ سو مرتبہ درود پاک پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس کی پیشانی پر لکھ دیتا ہے یہ شخص منافقت اور جہنم سے آزاد ہے۔

رسول پاک ﷺ نے فرمایا جو شخص روزانہ ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا کرے وہ تب تک نہیں مرے گا جب تک جنت میں اپنی جگہ نہ دیکھ لے۔

دوسری روایت میں ہے کہ آقا ﷺ نے فرمایا جو شخص روزانہ ہزار مرتبہ درود پڑھے گا جنت کے دروازے پر اس کا کاندھا میرے کاندھے سے چھو رہا ہو گا۔ سبحان اللہ

ان احادیث مبارکہ کو مد نظر رکھ کر ذرا غور کریں تو آپ کو درود شریف کی عظمت اور برکت کا اندازہ بخوبی ہو جائے گا۔

درود شریف کی اہمیت

درود شریف بہت اہم عبادت ہے درود شریف کی اہمیت کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

درود شریف پڑھنے سے اعمال بھی سنور جاتے ہیں۔ درود شریف پڑھنے سے اخلاق بھی سنور جاتے ہیں درود شریف پڑھنے سے کردار بھی سنور جاتے ہیں۔ درود شریف پڑھنے سے حالات بھی سنور جاتے ہیں۔ درود شریف پڑھنے سے مقدر بھی سنور جاتے ہیں درود شریف پڑھنے سے صورت بھی سنور جاتی ہے۔ مرنے کے بعد سب کو پتہ لگ جاتا ہے کہ درود شریف کی کتنی اہمیت ہے لیکن مرنے کے بعد دوبارہ زندگی نہیں ملتی۔ آج وقت ہے اپنے نامہ اعمال میں زیادہ سے زیادہ درود شریف ایڈ کروالیں۔

درود شریف پڑھنے والوں کی قبر میں روشنی ہو گی، نور ہو گا، راحت کا سامان ہو گا، درود شریف پڑھنے والے پل صراط سے پلک جھپک میں پار لگ جائیں گے درود شریف پڑھنے والوں کو روز محشر آقا کریم ﷺ کی شفاعت نصیب ہو گی۔

کثرت سے درود شریف پڑھنے والے جنت میں آقا کریم ﷺ کے پڑوسی بن کر رہیں گے۔

شعر

دنیا میں جن کو سعادت چاہیے
اور جن کو قبر میں راحت چاہیے
کثرت سے پڑھیں وہ درود و سلام
جن کو حضور کی شفاعت چاہیے

جنت کی کشادگی کا سبب

حضرت شیخ عبد العزیز دباغ رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ درود پاک تمام عبادات میں سب سے افضل اور اعلیٰ عبادت ہے۔

درود شریف ان فرشتوں کا ذکر ہے جو جنت کے چاروں طرف رہتے ہیں وہ فرشتے مسلسل درود شریف پڑھ رہے ہیں اور جنت میں مسلسل کشادگی آرہی ہے اگر درود شریف نہ پڑھا جاتا تو جنت میں کشادگی نہ آتی۔

رحمتوں کے نزول کا ذریعہ

انسان کی ساری زندگی کے نیک اعمال ایک طرف اور اللہ کی رحمت کا نزول ایک طرف۔ حدیث پاک میں ہے ہمارے آقا و مولا ﷺ نے فرمایا جس پر اللہ کی ایک بھی رحمت نازل ہو جائے تو وہ ایک رحمت اس شخص کے دونوں جہانوں کے لیے کافی ہے اور یہ بات بھی احادیث سے ثابت ہے کہ جو شخص ایک مرتبہ درود پڑھے اس پر اللہ کی دس رحمت نازل ہوتی ہیں۔

حضرت ابن شافح رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر تم نے تمام عمر عبادت و ریاضت میں گذاری ہو اور اگر اللہ نے تجھ پر صرف ایک بار رحمت بھیجی ہو تو وہ ایک رحمت تیری تمام عمر کی عبادت سے بڑھ جائے گی۔ کیونکہ تو نے اپنی حیثیت کے مطابق درود بھیجا ہے اور وہ اپنی شان کے مطابق رحمت بھیجتا ہے۔

یہ تو ایک بار رحمت کے نزول کا عالم ہے تو ذرا سوچیں کہ ایک درود پاک کے بدلے دس رحمتوں کا نزول ہوتا ہے دس رحمتوں کا عالم کیا ہوگا۔ اگر کسی عقلمند سے سوال کیا جائے کہ تمام مخلوق کی نیکیاں تیرے نامہ اعمال میں لکھ دی جائیں تجھے پسند ہے یا یہ کہ اللہ رب العزت تجھ پر ایک بار نظر رحمت فرمائے؟ یقیناً وہ اللہ کی رحمت کے مقابلہ میں کسی چیز کو پسند نہیں کرے گا۔

لہٰذا ہمیں نزولِ رحمت اور حصول ثواب کی نیت سے نبی پاک ﷺ پر ہمیشہ درود شریف پڑھتے رہنا چاہیے۔

درِ رسول تک پہنچنے کا ذریعہ

میں جب بھی بات کرتا ہوں تو صرف درود شریف کی بات کرتا ہوں میری ان باتوں سے بہت سے لوگ خوش ہوتے ہیں لیکن کچھ لوگ میری باتوں سے پریشان بھی ہو جاتے ہیں کون لوگ درود شریف کی بات سن کر پریشان ہوتے ہیں آپ سمجھ گئے ہوں گے۔

جن خوش نصیبوں کے دل میں تھوڑی سی بھی محبتِ رسول ہے فضائل درود سن کر ان کے دل خوشی سے جھوم اٹھتے ہیں۔ باقی جن لوگوں کے دلوں میں عشقِ رسول کا ذرا بھی نہیں ہے ان کو درود شریف کی فضیلت سن کر پریشان تو ہونا ہی ہے۔ پتا ہے درود شریف کی اتنی زیادہ فضیلت کیوں ہے؟

کیونکہ درود شریف کا تعلق اللہ کے محبوب ﷺ کی ذاتِ پاک سے ہے اور ہر سچا مسلمان اس بات سے آگاہ ہے ہر سچے مسلمان کا یہ عقیدہ ہے کہ جس چیز کی نسبت رسول پاک ﷺ سے جڑ جائے وہ چیز اعلیٰ سے اعلیٰ بن جاتی ہے۔

جس مبارک خاک پر ہمارے آقا و مولا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاک قدم لگے ساری دنیا اس خاک کے برابر بھی نہیں ہو سکتی مجھ سے لوگ پوچھتے ہیں کہ تم صرف درود شریف کی بات کرتے ہو تم لوگوں کو کس طرف لے جا رہے ہو؟

جواب سن لیں میرا امیں امت محمدی کو درِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف لے جا رہا ہوں۔

میں اس امت کے بیٹوں کو، بیٹیوں کو، بھائیوں کو، بہنوں کو، ماؤں کو، امت محمدی کے پریشان حال لوگوں کو، غم کے مارے بے سہارے لوگوں کو، درود پاک کے ذریعے درِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف لے جانا چاہتا ہوں۔

درِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا ملتا ہے؟

سنو: دین بھی درِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتا ہے۔

ایمان بھی درِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتا ہے۔

اللہ بھی درِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتا ہے۔

سکون بھی درِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتا ہے۔

سرور بھی درِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتا ہے۔

نجات بھی درِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتی ہے۔

شفا بھی درِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتی ہے۔

ہر درد کی دوا بھی درِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتی ہے۔

دولت بھی درِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتی ہے۔

عزت بھی درِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتی ہے۔

روحانیت بھی درِ رسول ﷺ سے ملتی ہے۔

کرامت بھی درِ رسول ﷺ سے ملتی ہے۔

معافی کی خیرات بھی درِ رسول ﷺ سے ملتی ہے۔

قبر کی روشنی بھی درِ رسول ﷺ سے ملتی ہے۔

جنت بھی درِ رسول ﷺ سے ملتی ہے۔

ہمارے سوہنے سردار، نبیوں کے تاجدار، ربِ کائنات کے محبوب ہیں۔ اللہ نے سارے خزانوں کی چابیاں اپنے حبیب ﷺ کو عطا کر دی ہوئی ہیں۔

آپ کریم ﷺ نے خود فرمایا کہ دیتا اللہ ہے لیکن بانٹتا میں (محمد ﷺ) ہوں۔

بس میرا یہ پیغام ہے پوری امت محمدی کے لیے کہ کیوں در در کی ٹھوکریں کھاتے ہو۔ درود پاک کے ذریعے دامنِ مصطفیٰ تھام لیں اللہ کی قسم جو لوگ رحمت اللعالمین ﷺ کا دامنِ رحمت تھام لیتے ہیں وہ لوگ دنیا کے دکھوں سے، درد اور غم سے، تکالیف اور مسائل سے محفوظ رہتے ہیں اور آخرت کے عذابوں سے بھی ان کے لیے امان ہو گا۔ ان شاء اللہ

شعر

منزل مدینہ ہے راستہ درود ہے
اللہ تک پہنچنے کا واسطہ درود ہے

(احمد منظور)

کرامت درود کی

درود شریف ایک نور ہے جو انسان کو اندھیروں سے نکال کر اجالوں تک پہنچا دیتا ہے۔

درود شریف دکھوں کی دوا ہے، درود شریف بیماریوں کی شفا ہے، درود شریف بہترین دعا ہے، درود شریف کامیابی کا راستہ ہے، درود شریف خوش نصیبی کا راز ہے درود شریف مشکلات سے نجات حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

درود شریف گناہوں کی بیماری سے، مایوسی سے، محرومی سے، ناکامی سے، جادو سے، جنات سے، ڈپریشن سے، محفوظ رہنے کے لیے اکسیر ہے۔ درود شریف آبِ حیات ہے درود شریف سے دائمی زندگی ملتی ہے۔

درود شریف پڑھنے والے مر کر بھی زندہ رہتے ہیں۔ درود شریف کی نعمت سے محروم لوگ جیتے جی مر جاتے ہیں۔

ہم بہت نازک وقت سے گذر رہے ہیں ہر طرف فتنے اور فساد کا عالم ہے ہر طرف شیطان کی جالیں بچھی ہوئی ہیں، ہر طرف شور ہے، ہنگامہ ہے، دہشت ہے، نہ کچھ سنائی دیتا ہے نہ کچھ دکھائی دیتا ہے جس کا جدھر رخ ہے وہ ادھر جارہا ہے، نہ راستے کا پتا ہے نہ منزل کی خبر ہے۔

ہماری نوجوان نسل عریانی اور فحاشی میں پھنستی جارہی ہے ہمارے بچے راستہ بھٹکتے جارہے ہیں۔

یاد رکھنا ہمارے کریم آقا ﷺ اللہ کے سچے اور آخری رسول ہیں۔ آپ کریم ﷺ کے بعد قیامت تک کوئی بھی نبی نہیں آئے گا کیونکہ ہمارے پیارے نبی ﷺ کی نبوت تا قیامت جاری رہے گی۔

ہم کوئی لاوارث قوم نہیں ہیں۔ ہم گناہ گار ضرور ہیں لیکن غدار نہیں ہیں۔ ہم آج بھی اپنا مال، اولاد، جان، الغرض اپنا سب کچھ اپنے پیارے نبی ﷺ کے پاک قدموں پر قربان کرنے کو تیار ہیں۔ ہمیں اندھیروں میں رکھا گیا ہے تاکہ ہمیں حق اور سچ کا راستہ نظر ہی نہ آئے۔ ہماری آنکھوں پر ایک غبار ہے، ہماری نگاہوں کو دھوکا دیا جارہا ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہمیں اور ہمارے بچوں کو حق کا راستہ صاف نظر آئے تو اپنے دل میں درود شریف کا دیا جلائے رکھیں اپنے ہونٹوں پر درود شریف کی شمع جلائے رکھیں تاکہ اندھیروں کو آپ کے گھر کا راستہ ہی نظر نہ آئے۔

درود شریف وہ نور ہے جس سے آج بھی بہت سے دل بہت سے گھر روشنی حاصل کر رہے ہیں۔

قیامت تک درود شریف پڑھنے والے روشنی حاصل کرتے رہیں گے یہ درود شریف کی کرامت ہے درود شریف اپنے پڑھنے والے کی ہر معاملے میں خود رہنمائی کرتا رہتا ہے۔

تقدیر بدل دینے والا عمل

یہ حدیث تو آپ نے ضرور سنی ہو گی کہ سرکارِ دوجہاں ﷺ نے فرمایا "دعا تقدیر کو بدل دیتی ہے"۔

جب رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان ہے تو بس بات ختم اور درود شریف سب سے بہترین دعا ہے۔

جب کوئی شخص درود پڑھ رہا ہوتا ہے تو دراصل وہ اللہ رب العزت سے رحمت کی دعا مانگ رہا ہوتا ہے وہ بھی اللہ کے پیارے محبوب ﷺ کے لیے۔

تو کیا اس سے بڑھ کر کوئی دعا ہو سکتی ہے؟

درود شریف بہت بڑی دولت ہے ،درود شریف بہت بڑی طاقت ہے، پہلے درود شریف کی اہمیت اور عظمت کو سمجھیں پھر درود شریف پڑھنا شروع کر دیں۔

اگر درود شریف آپ کی زندگی نہ بدل دے اگر درود شریف آپ کی تقدیر نہ سنوار دے تو کہنا۔

میں خادمِ درود احمد منظور میری حیثیت کچھ بھی نہیں ہے، میں خاک کا ذرہ ہوں، میں مٹی کا ٹکڑا ہوں میرے رب نے اپنے فضل سے اپنے کرم سے مجھ ناچیز کو درود شریف کے عظیم کام پر لگایا ہے تو میری ذمہ داری بنتی ہے کہ جہاں تک ممکن ہو میں لوگوں کو درود شریف کی اہمیت، عظمت، برکت اور ضرورت سے آگاہ کروں ،درود شریف کی عظمت کا اندازہ اس بات سے لگائیں ،درود شریف اللہ کی سنت ہے، درود شریف فرشتوں کی سنت ہے، درود شریف صحابہ کی سنت ہے۔

اللہ کے کامل ولی جن میں ابدال، غوث، قطب، قلندر شامل ہیں درود شریف ان سب کی زندگی کا حصہ رہا ہے۔ درود شریف سب وظائف کا سردار ہے۔

باقی وظائف کی بات الگ ہے اور درود شریف کی بات الگ ہے۔

باقی وظائف اور درود شریف کے وظائف میں کیا فرق ہے؟

باقی وظائف قبول ہوں نہ ہوں لیکن درود شریف ایسا وظیفہ ہے جسے ہر حال میں قبول ہونا ہی ہوتا ہے۔

باقی وظائف کے اثرات الٹے بھی پڑجاتے ہیں جس کو رجعت کہا جاتا ہے لیکن درود شریف کے وظائف سے کبھی بھی رجعت نہیں ہوتی بلکہ درود شریف رجعت کا علاج ہے۔

کچھ وظائف ایسے ہوتے ہیں جن کو پڑھنے سے جنات و موکلات مدد کرنے کے لیے آتے ہیں۔

لیکن جو شخص درود شریف کو اپنا وظیفہ بنالیتا ہے اس کی مدد خود خالقِ کائنات اللہ رب العزت فرماتے ہیں اور درود شریف پڑھنے والوں کی مدد آقائے کائنات ﷺ بھی فرماتے ہیں تو آپ کو کس کی مدد چاہیے؟ اللہ اور رسول ﷺ کی؟ یا جنات و موکلات کی؟ میری بات پر غور کریں میری بات کو سمجھیں۔ یہ کائنات اللہ کی ہے یہاں اختیار بھی اللہ کا چلتا ہے حکم بھی اللہ کا چلتا ہے۔

اللہ کے بعد یہاں حکم ہمارے آقا ﷺ کا چلتا ہے کیونکہ آپ کریم ﷺ اللہ کے محبوب ہیں ساری دنیا کے عامل جنات و موکلات مل کر بھی نہ آپ کو نفع دے سکتے ہیں نہ نقصان، اس بات کا یقین رکھیں۔ سب کچھ اللہ کے اختیار میں ہے اللہ کو راضی کرنے سے ہی ہمارے مسائل حل ہوں گے۔ درود شریف اللہ کو راضی کرنے کا سب سے بہترین ذریعہ ہے۔

میں نے پہلے ہی عرض کیا کہ دعا تقدیر کو بدل سکتی ہے اب سنو درود شریف پڑھنے والوں کے لیے کون کون دعا کرتا ہے۔

احادیث مبارکہ سے ثابت ہے کہ درود شریف پڑھنے والوں کے لیے اللہ کے مقرب فرشتے بھی دعا کرتے ہیں۔

درود شریف پڑھنے والوں کے لیے جنگلات میں رہنے والے چرند پرند بھی دعا کرتے ہیں۔

درود شریف پڑھنے والوں کے لیے سمندر میں رہنے والی مچھلیاں بھی دعا کرتی ہیں۔

مطلب یہ کہ درود شریف پڑھنے والوں کے لیے ساری کائنات دعا کرتی ہے۔

اور میرا یہ عقیدہ ہے میرا یہ ایمان ہے کہ درود شریف پڑھنے والے اپنے امتیوں کے لیے پیارے آقا کریم ﷺ بھی دعائیں فرماتے ہیں۔

اور جب اتنی ساری دعائیں مل جائیں تو پھر
تقدیر بھی بدل جاتی ہے
حالات بھی بدل جاتے ہیں
خیالات بھی بدل جاتے ہیں

شعر

تصویر بدل جاتی ہے تقدیر بدل جاتی ہے
دعا میں پڑھیں درود تو تاثیر بدل جاتی ہے

(احمد منظور)

آقا کریم ﷺ کے امت پر احسانات

اللہ کے بعد ہم پر ہمارے پیارے نبی ﷺ کے احسانات سب سے زیادہ ہیں۔

ہمارے پیارے آقا ﷺ اپنی ساری ظاہری حیات ہم گناہ گار امتیوں کے لیے روتے رہے، دعائیں مانگتے رہے۔

کبھی جلوتوں میں، کبھی خلوتوں میں، کبھی مسجد نبوی میں، کبھی جنت البقیع میں، کبھی سلہ جبل کے غار میں، کبھی میدان عرفات میں، ہمارے پیارے ہمارے لجپال نبی ﷺ ہمارے لیے دعائیں مانگتے رہے۔

ان دعاؤں کے صدقے ہم آج بھی اللہ کے عذاب سے بچے ہوئے ہیں۔ ورنہ ہمارے اعمال تو ایسے ہیں کہ ہم کب کے بندر بن چکے ہوتے، خنزیر بن چکے ہوتے، ہم پر پتھروں کی بارشیں برس چکی ہوتیں۔ لیکن میں قربان جاؤں کملی والے آقا ﷺ کے پاک قدموں پر جن کی دعاؤں کی برکت سے ہم بچے ہوئے ہیں ہمارے آقا و مولا ﷺ آج بھی ہم پر اپنی نگاہِ رحمت رکھے ہوئے ہیں۔ آج بھی ہمارے لیے دعا فرما رہے ہیں۔ آج بھی کوئی دکھوں کا مارا بے سہارا دنیا جہاں کا ٹھکرایا ہوا امتی رسول پاک ﷺ کی بارگاہ میں اپنا دکھڑا پیش کرتا ہے تو پیارے آقا ﷺ اس کی دستگیری ضرور فرماتے ہیں۔

آپ ﷺ رحمتہ العالمین ہیں۔

آپ ﷺ بے کسوں کے والی ہیں۔

آپ ﷺ بے سہاروں کا سہارا ہیں۔

آپ ﷺ یتیموں کے یار ہیں۔

آپ ﷺ مسکینوں کے مدد گار ہیں۔

آپ ﷺ غمگینوں کے غمخوار ہیں۔

آپ ﷺ گناہ گاروں کا اسیروں کا آسرا ہیں۔

آپ ﷺ سراپا رحمت ہی رحمت ہیں۔

آپ ﷺ مہر وفا کے پیکر ہیں۔

آپ ﷺ جود و کرم کا خزینہ ہیں۔

ہم اپنے آقا و مولا ﷺ کے بے شمار احسانات کا بدلہ دینے سے قاصر ہیں۔ لیکن ہم پر لازم ہے کہ ہم اپنے عظیم محسن ﷺ کے بے شمار احسانات کے بدلے آپ ﷺ کی بارگاہ میں درود و سلام کے تحفے بھیجیں۔

درود شریف پڑھنے میں بھی ہمارا فائدہ ہے ہمارے آقا ﷺ پر خود خالق کائنات درود بھیجتا ہے فرشتے بھی آپ کریم ﷺ پر درود پڑھتے رہتے ہیں۔

ہمارے آقا ﷺ ہمارے درود و سلام کے محتاج نہیں ہیں۔ لیکن ہم محتاج ہیں آپ ﷺ کی نگاہِ کرم کے، ہم درود پڑھتے ہیں تو درود پاک کے بدلے ہم پر اللہ کی رحمتوں کا نزول ہوتا ہے ہمارے گناہ معاف ہوتے ہیں ہمارے درجات بلند ہوتے ہیں۔

درود شریف کے صدقے ہمیں اپنے پیارے آقا ﷺ کی توجہ، قرب اور کرم نصیب ہوتا ہے۔

درود شریف اللہ اور اللہ کے حبیب ﷺ کو راضی کرنے کا خاص الخاص وسیلہ ہے۔

گناہوں کے صحرا میں بھٹکنے والے انسان کے لیے درود شریف مرشد کامل کی حیثیت رکھتا ہے۔

خلوصِ دل، سوزِ جگر، محبت اور شوق سے پڑھا ہوا درود امتی کو آقا کریم ﷺ کی عنایت، شفاعت اور زیارت کا حقدار بنا دیتا ہے۔

درود شریف روحانی قربتیں اور خصوصی شفقتیں حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔

شعر

عنایت بھی نصیب ہوتی ہے کرامت بھی نصیب ہوتی ہے
چاہت بھی نصیب ہوتی ہے شفاعت بھی نصیب ہوتی ہے
خلوصِ دل، سوزِ جگر سے درود پڑھنے سے "احمد"
آقا کریم کی شفاعت بھی نصیب ہوتی ہے

(احمد منظور)

درود شریف کی محبت دراصل اللہ اور رسول ﷺ سے محبت ہے۔

درود شریف افضل ترین عبادت بھی ہے اور درود شریف کائنات کی حسین ترین دعا بھی ہے۔

درود شریف فیض کا سمندر ہے، درود شریف مومن کا مقدر ہے، درود اسرار کا دریا ہے، درود شریف انوار کی بارش ہے، درود شریف کرم کا خزینہ ہے۔

درود شریف پڑھنے والوں کی زبان سیف بن جاتی ہے درود شریف پڑھنے والوں کی دعائیں مقبول ہوتی ہیں، درود شریف پڑھنے والوں کا دل مدینہ بن جاتا ہے، درود شریف پڑھنے والوں کی آنکھیں وہ نظارے دیکھتی ہیں جو عام انسان نہیں دیکھتے۔

کثرت سے درود شریف پڑھنے والوں کا چہرہ، دل، دماغ اور خیالات روشن ہو جاتے ہیں۔

درود شریف پڑھنے والوں کی تقدیر بھی سنور جاتی ہے دنیا بھی سنور جاتی ہے آخرت بھی سنور جاتی ہے۔ محبت، ادب اور اخلاص کے ساتھ اگر درود شریف پڑھنا اپنا معمول بنا لیا جائے تو درود شریف انسان کو اللہ کا ولی بنا دیتا ہے۔

دنیا کا ہر مسئلہ درود شریف پڑھنے سے حل ہو جاتا ہے، دنیا کی ہر پریشانی درود شریف پڑھنے سے ختم ہو جاتی ہے شرط یہ ہے کہ یقینِ کامل سے ادب اور احترام سے درود شریف پڑھا جائے درود شریف ساری کائنات کا وظیفہ ہے۔

انعاماتِ الٰہی کی بارش

امام سخاوی رحمتہ اللہ علیہ نے القول البدیع میں لکھا ہے کہ جو شخص آقا کریم ﷺ پر درود و سلام پڑھتا ہے اللہ کریم اس پر انعامات کی بارش فرما دیتا ہے۔

آپ کریم ﷺ نے فرمایا کہ جب کوئی مومن مجھ پر درود بھیجتا ہے تو فرشتہ اس درود شریف کو لے کر اللہ تعالیٰ کے اذن کے ساتھ میری قبر انور تک اسے پہنچاتا ہے، پھر وہ فرشتہ مجھ سے کہتا ہے اے محمد ﷺ بے شک آپ کی امت میں فلاں شخص نے آپ پر درود پڑھا ہے۔ میں اس فرشتے سے کہتا ہوں میری طرف سے اس درود شریف پڑھنے والے شخص پر دس رحمتیں پہنچا دو اور اسے جا کر کہو کہ تیرے لیے تیرے نبی ﷺ کی شفاعت حلال ہو گئی۔

پھر وہ فرشتہ اوپر کی طرف چڑھنا شروع کر دیتا ہے یہاں تک کہ وہ عرش تک پہنچ جاتا ہے وہ عرض کرتا ہے اے میرے رب بے شک فلاں بن فلاں نے تیرے

حبیب ﷺ پر درود پڑھا ہے اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ میری طرف سے اس تک دس رحمتیں پہنچادو پھر اللہ کریم درود کے ہر حرف سے ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے اس فرشتے کے تین سو ساٹھ سر ہوتے ہیں ہر ایک سر میں تین سو ساٹھ چہرے، ہر ایک چہرے میں تین سو ساٹھ منہ اور ہر ایک منہ میں تین سو ساٹھ زبانیں ہوتی ہیں وہ فرشتہ ہر ایک زبان کے ساتھ کلام کرتا ہے اور تین سو ساٹھ طریقے سے اللہ کی حمد و ثناء کرتا ہے اور قیامت تک اس کا ثواب اس شخص کے نامہ اعمال میں لکھا جاتا ہے جس نے حضور ﷺ پر درود پڑھا۔

بچہ کا رونا درود ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بچے کا رونا، دو ماہ تک لا الہ الا اللہ کی گواہی، چار ماہ تک رونا اللہ پر پختہ ایمان۔ آٹھ ماہ تک اس کا رونا درود اور دو سال کا ہو تو اس کا رونا ماں باپ کے لیے دعائے مغفرت ہوتا ہے۔ (القول البدیع)

دلوں کی طہارت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ہر شے کی طہارت اور غسل ہوتا ہے مومنوں کے دلوں کی زنگ سے طہارت مجھ پر درود بھیجنا ہے۔

درود پڑھنے والے کے لیے آقا کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کوئی بندہ مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھتا ہے تو فرشتہ اسے لے کر اوپر جاتا ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اسے تحفہ پیش کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اسے میرے بندے محمد ﷺ کی قبر کی طرف لے چلو تاکہ وہ درود پڑھنے والے کے لیے استغفار کریں ان کی آنکھ ٹھنڈی ہو۔

اللہ کا سلام

حضرت ابو طلحہ سے روایت ہے کہ ایک دن نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم تشریف لائے تو خوشی آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے چہرے پر نمایاں تھی فرمایا

ابھی ابھی میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے تھے انہوں نے کہا یارسول اللہ (اللہ فرماتا ہے) کیا آپ اس بات پر راضی نہیں کہ آپ کا جو امتی آپ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا میں اس پر دس بار رحمت نازل کروں گا۔ اور آپ کا جو امتی آپ پر ایک مرتبہ سلام بھیجے گا میں اس پر دس بار سلام بھیجوں گا۔

علامہ ابن حجر نے الداء المنضود میں لکھا ہے کہ ایک مرتبہ حضور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر سلام بھیجنے کے بدلے اللہ تعالیٰ اس شخص پر دس مرتبہ سلام بھیجتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا ایک سلام کروڑوں جنتوں سے افضل ہے۔

سو، تمہیں اس احسان عظیم پر مبارک باد ہو۔ یہ کتنا بڑا کرم ہے۔ سبحان اللہ

مسلمانو! درود شریف کو اپنی زندگی کا لازمی حصہ بنالیں اور کوشش کریں درود شریف کا ایسا صیغا ورِدِ زبان رکھیں جس میں درود کے ساتھ سلام بھی ہو۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا جو مجھ پر درود نہ پڑھے اس کا کوئی دین نہیں۔

تم حالات کی بات کرتے ہو

میں نے درود پاک سے تقدیروں کو بدلتے دیکھا ہے۔

درود پاک پڑھنے سے حالات بھی بدل جاتے ہیں۔

درود پاک پڑھنے سے خیالات بھی بدل جاتے ہیں۔

درود پاک پڑھنے سے نامہ اعمال بھی بدل جاتے ہیں۔

درود پاک پڑھنے سے معاملات بھی بدل جاتے ہیں۔

درود پاک پڑھنے سے خوابوں کی تعبیر بھی بدل جاتی ہے۔

درود پاک پڑھنے سے تقدیر بھی بدل جاتی ہے۔

اپنے وہ مسائل جن کو حل کرنا آپ کے بس کی بات نہیں ہے وہ تمام معاملات اللہ رب العزت کے سپرد کر کے آپ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی رضا اور خوشنودی کی نیت سے درود پاک پڑھتے رہیں۔

پھر دیکھیں کیسے کمال ہوتا ہے، کیسے رب کریم اپنے پیارے حبیب ﷺ کے صدقے درود پاک کی برکت سے آپ کے سارے مسائل خود حل فرمادیتا ہے۔

بے شک میرا اللہ ہر چیز پر قادر ہے اللہ کے لیے کچھ بھی ناممکن نہیں ہوتا۔

نبی پاک ﷺ کی دعا

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ:

"مجھ پر روشن رات اور روشن دن میں کثرت سے درود پڑھا کریں اس لیے کہ تمہارا درود مجھے پیش کیا جاتا ہے اور میں تمہارے لیے دعا اور استغفار کرتا ہوں۔" سبحان اللہ

تشریح: اس حدیث سے یہ بات ثابت ہوئی کہ ہم جو اپنے کریم ﷺ پر درود پڑھتے ہیں اس کے بدلے ہمارے پیارے آقا میٹھے آقا ﷺ ہم گناہ گاروں کے لیے استغفار بھی کرتے ہیں اور ہمارے لیے دعا بھی فرماتے ہیں۔

اے درود پڑھنے والے اور درود پاک سے محبت رکھنے والے میرے بھائیو او ربہنو یہ حدیث پڑھ کر تو ہم سب کو خوشی میں جھومنا چاہیے۔

کتنے بڑے اعزاز کی بات ہے کہ درود پڑھنے والے خوش نصیب لوگوں کے لیے اللہ کے پیارے محبوب ﷺ دعا فرماتے ہیں۔

اور اللہ اپنے پیارے محبوب ﷺ کی کوئی بھی دعا رد نہیں فرماتا۔

درود شریف کے اثرات اور ثمرات

درود شریف پڑھنے والوں کے رزق میں عمر میں صحت میں گھر میں اولاد میں برکتیں دیکھنے کو ملتی ہیں۔

درود شریف پڑھنے والے درود نہ پڑھنے والوں سے زیادہ ایکٹیو خوش اور پر سکون لائف گزار رہے ہوتے ہیں۔

کثرت سے درود پڑھنے والے پر کشش اور جاذبِ نظر ہوتے ہیں لوگ نہ چاہتے ہوئے بھی ان کی طرف کھنیچے چلے جاتے ہیں ان کو دیکھنا ان سے باتیں کرنا ان کی باتیں سننا لوگوں کو اچھا لگتا ہے۔

محبت و شوق سے درود شریف پڑھنے والے صاحب نظر بن جاتے ہیں ان کے خیال اور خواب اکثر سچے ثابت ہوتے ہیں۔

جن لوگوں کی زندگی درود شریف کے نام ہوتی ہے ان کی نگاہ میں اور الفاظ میں کمال کی تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔

درود شریف پڑھنے والے ہم عمر بچے اور عمر رسیدہ لوگوں کی نظر میں قابل عزت بن جاتے ہیں۔

درود شریف پڑھنے والوں سے اللہ کی ساری مخلوق محبت کرنے لگتی ہے اور دعائیں دینے لگتی ہے۔

درود شریف پڑھنے والوں کی قبر میں نور ہو گا سرور ہو گا۔

درود شریف پڑھنے والوں سے عذاب قبر دور ہو گا۔

درود شریف پڑھنے والوں کو اللہ کریم دنیا و آخرت میں اپنے شان کریم کے مطابق نوازتا ہے۔

مشاہدات درود شریف

میں اپنی اس کتاب میں درود شریف کے حوالے سے کچھ لوگوں کے مشاہدات اور تجربات لکھ رہا ہوں صرف اس لیے کہ درود شریف کے یہ کمالات دیکھ کر جو لوگ درود شریف نہیں پڑھتے وہ بھی درود شریف پڑھنے لگ جائیں اور جو لوگ پہلے سے درود شریف پڑھتے ہیں ان کے ذوق وشوق میں مزید اضافہ ہو جائے۔

میں صرف سنی سنائی اور فرضی باتیں نہیں لکھ رہا بلکہ یہ عین حقیقتیں ہیں۔

میں نے جن لوگوں کے مشاہدے لکھے ہیں ان میں اکثر کو میں ذاتی طور پر جانتا ہوں اور میں پوری تصدیق کرنے کے بعد یہ مشاہدے لکھ رہا ہوں ان لوگوں کے نام اور ان کے شہر کے نام کے ساتھ، سب سے پہلے میں اپنے کچھ راز اور مشاہدے لکھ رہا ہوں ایک بار پھر یہ بات بتاتا چلوں کہ یہ واقعات اور مشاہدات لکھنے میں ہمارا مقصد شہرت نہیں ہے بلکہ درود شریف پڑھنے والوں کے ذوق وشوق میں اضافہ کرنے کی نیت سے یہ مشاہدے لکھ رہا ہوں۔

میں کیا تھا اور درود شریف نے مجھے کہاں پہنچا دیا

میں احمد منظور میری کاسٹ منگریو ہے۔

میرا سلسلہ نسب سندھ کے مشہور اور کامل ولی اللہ حضرت عبدالرحیم گروڑی رحمتہ اللہ علیہ سے جا کر ملتا ہے۔

کیونکہ منگریا کاسٹ کی شروعات ہی حضرت عبدالرحیم گروڑی سے ہوئی ہے۔ مطلب کہ عبدالرحیم گروڑی کی اولاد ہی مگریا کہلاتی ہے۔

میرا تعلق ایک غریب گھرانے سے ہے میرے ابو کسان تھے اور پھر آخری عمر میں میرے ابو بکریاں چرایا کرتے تھے۔ پانچ مئی 2005 کو میرے والد اس فانی دنیا سے انتقال کر گئے میرے والد کا نام قادر بخش تھا اللہ پاک میرے والد محترم کی مغفرت فرمائے اسے جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

میں بھی بچپن میں اپنے والد کی بکریاں چرایا کرتا تھا لیکن بچپن سے ہی میرے دل میں اللہ کا قرب اور محبت رسول ﷺ کے حصول کی طلب اور تڑپ تھی اور درود شریف کی محبت تھی دل میں درود شریف کی محبت نے مجھے کہاں سے کہاں تک پہنچا دیا۔

درود شریف کے صدقے مجھے عزت بھی ملی ہے شہرت بھی ملی ہے دین و دنیا کی دولت بھی ملی ہے۔

میں اکیلا نکلا تھا پیغامِ درود لے کر اللہ کے کرم سے لوگ میرے ساتھ جڑتے گئے اور ایک قافلہ بن گیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے میں "خادمِ درود" کے نام سے دنیا بھر میں مشہور ہو گیا۔

شعر

یہ کرم ہے رب کریم کا مجھے درود پڑھنا سکھا دیا
یہ عطا ہے میرے آقا کی مجھے خادمِ درود بنا دیا

(احمد منظور)

2015 سے مجھ پر درود پاک کے صدقے انعامات الٰہی کی بارشیں برسنا شروع ہوئیں یہ سلسلہ الحمد للہ جاری ہے اور ان شاء اللہ جاری رہے گا زندگی بھر قبر تک حشر تک جنت تک ان شاء اللہ۔

میں اپنے تمام مسلمان بھائیوں اور بہنوں سے گذارش کرتا ہوں آپ بھی درود شریف کو اپنی زندگی کا حصہ بنالیں۔

ان شاء اللہ درود شریف کی برکت سے اللہ تعالیٰ آپ کو سب کچھ عطا فرمادے گا، مانگنے سے پہلے سوچنے سے بھی پہلے، درود شریف میری زندگی ہے اور درود شریف پڑھوانا میری زندگی کا مقصد۔

میری اوقات کچھ بھی نہیں میں نہ کچھ تھا نہ کچھ ہوں نہ ہی خود کو کچھ سمجھتا ہوں، یہ عزتیں یہ شہرتیں یہ چاہتیں یہ محبتیں یہ برکتیں یہ رحمتیں یہ عنایتیں یہ کرم یہ عطائیں جو مجھ ناچیز پر ہوئی ہیں اور ہو رہی ہیں یہ سب درود شریف کی وجہ سے ہیں۔

میں درود شریف پڑھنے اور پڑھانے کے عظیم کام پر لگایا گیا ہوں یقیناً یہ رب کریم کا کرم ہے میرے پاس اللہ کے کرم کے سوا کچھ نہیں اور کرم تو پھر کرم ہی ہوتا ہے نہ۔۔۔۔۔

کرم فرمانے والی ذات میرے رب کریم کی ذات ہے میرا رب جب کسی پر اپنا کرم فرماتا ہے تو بندے کی اوقات نہیں دیکھتا بلکہ اپنے شانِ کریمی کے مطابق فرمادیتا ہے اور پتا ہے نہ کے اس جہاں کا نظام چلتا ہی رب کریم کے کرم سے ہے۔

رب کریم کا کرم اگر شاملِ حال نہ ہوتا تو انسان برباد ہو جاتے۔

رب کریم کا کرم نہ ہوتا تو گناہ گاروں کو منہ چھپانے کے لیے جگہ بھی نہ ملتی۔

اگر رب کریم کا کرم نہ ہوتا تو سمندر ہمیں ڈبو دیتے، طوفان ہم کو اُڑا کے لے جاتے، بارشیں ہم کو بہا کر لے جاتیں، زمین ہم کو نگل جاتی، آسمان ہم پر شاید پتھروں کی بارشیں برساتا، لیکن میرا کریم رب بہت بہت کریم ہے۔ اس نے اپنے کرم سے سب کو سنبھالا ہوا ہے۔

دعا کریں کہ ہم سب پر اللہ کا کرم ہمیشہ رہے کیونکہ اللہ کے کرم کے بناء ہم کچھ بھی نہیں۔

اگر آپ اللہ کے کرم اور رحمت کی بارشیں چاہتے ہیں تو درود وسلام کو اپنی زندگی کا وظیفہ بنالیں۔

اللہ کو پانے کا درود شریف سب سے آسان راستہ بھی ہے اور درود شریف کے راستے جو اللہ کی بارگاہ تک پہنچتا ہے وہ رد نہیں کیا جاتا اسے ٹھکرایا نہیں جاتا بلکہ اسے قبول کر لیا جاتا ہے کیونکہ درود شریف پڑھنے والا دراصل دامنِ مصطفیٰ ﷺ تھام لیتا ہے اور جو شخص دامنِ مصطفیٰ ﷺ تھام لیتا ہے رب کریم اسے مصطفیٰ جانِ رحمت ﷺ کے صدقے آزمائشوں سے، امتحانوں سے اور عذابوں سے بچا لیتا ہے کچھ لوگ بہت محنت کرتے ہیں کوششیں کرتے ہیں جوانی سے بڑھاپے تک تب جا کر ان پر کرم ہوتا ہے۔

مجھ ناچیز کو بہت جلد نوازا گیا جوانی میں ہی قبول فرما لیا گیا مجھے چھوٹی عمر میں ہی درود شریف کی تین کتابیں لکھنے کا شرف ملا، مجھے درود شریف کی دعوت کے عظیم ترین کام کے لیے چنا گیا اس میں میرا کوئی کمال نہیں بلکہ یہ درود شریف کا کمال ہے درود شریف کی برکتیں ہیں یہ درود شریف کی عظمتیں اور رحمتیں ہیں۔

درود شریف سے مجھے کیا ملا

میں اپنے چند راز بتارہا ہوں اس لیے کہ آپ لوگوں کا درود شریف کی طاقت اور تاثیر پر یقین اور پختہ ہو جائے۔

اکثر لوگ مجھ سے یہ سوال پوچھتے ہیں کہ احمد منظور آپ کو درود شریف سے ایسا کیا ملا کہ آپ درود شریف پڑھنے اور پڑھانے لگ گئے۔

سنو! درود پاک کی برکت سے مجھ پر جتنے کرم ہوئے ہیں اتنی تو میری اوقات نہیں درود پاک کے صدقے رب کریم نے لاتعداد بے شمار انعامات عطا فرمائے ہیں۔

پہلی بار ربیع الاول میں چند سال پہلے مجھ گناہ گار کو کریم آقا ﷺ کی خواب کی زیارت نصیب ہوئی اور بہت سے صحابہ کرام کی زیارت نصیب ہوئی، الحمدللہ ایک مرتبہ تو خواب میں کرم کی انتہا ہو گئی میں خواب میں مسجد نبوی میں کھڑا تھا لوگوں کا ہجوم تھا لوگ مجھ سے پوچھ رہے تھے کہ حضور ﷺ حجرائے انور سے باہر کب تشریف فرما ہوں گے اس وقت میں خواب میں اپنی امی کے ساتھ کھڑا تھا اور ہزاروں لوگ بھی موجود تھے اس رات میں جب نیند سے اٹھا تو بہت رویا یہ سوچ کر کے کہاں میں اور کہاں دونوں جہانوں کے سردار ﷺ کی مجلس اور لوگ مجھ سے حضور ﷺ کے تشریف لانے کا ٹائم پوچھ رہے ہیں۔ مطلب یہ کہ مجھے غلامی کا خاص شرف بخشا گیا، اسی سال ربیع الاول کے مہینے میں مجھ ناچیز کو 3 مرتبہ حضور ﷺ کی زیارت کا اور آقا ﷺ کی مجلس میں حاضری کا شرف عطا ہوا۔

یہ سب میں نے دیکھا اس کے علاوہ میرے گھر والوں نے میری جان پہچان والوں نے بھی خواب میں مجھے کافی مرتبہ آقا کریم ﷺ کی مبارک مجلس میں مختلف انداز میں دیکھا یہ سب کچھ درود شریف کے صدقے ملا مجھے خادمِ درود بنا دیا گیا۔

دعا کریں کہ زندگی بھر میرے کریم آقا ﷺ کی مجھ پر عنایت رہے قبر اور حشر میں بھی آقا ﷺ مجھے اپنی غلامی کا شرف بخش کر عذابوں اور حسابوں سے بچا لیں۔ آمین

اللہ کریم کا لاکھوں کروڑوں بار شکر ادا کرتا ہوں کہ اللہ کریم نے مجھے اپنے کرم سے درود پاک کا راستہ دکھایا۔

اللہ کی رحمت اور کرم سے آقا ﷺ کی عطا اور عنایت کے بعد میرا کل اثاثہ صرف درود شریف ہی ہے۔

شعر

میں غریب ہوں میں گناہ گار ہوں آقا
مگر آپ کے غلاموں میں شمار ہوں آقا

(احمد منظور)

یہ کتاب لکھنے کے دوران ایک رات اچانک میرا کمرہ ایک بہت سی پیاری خوشبو سے مہک اٹھا بس اتنا کہہ سکتا ہوں کہ یہ خوشبو لاجواب اور بے مثال تھی۔

درود شریف نے میری قسمت سنوار دی

السلام و علیکم! میرا نام اُجالا ہے میں ملتان کی رہائشی ہوں، چھوٹی سی عمر میں میری شادی ہو گئی اور شادی کے 2 سال کے بعد بے وجہ طلاق ہو گئی۔ میری زندگی برباد ہو گئی، اس غم میں دن رات روتی رہتی تھی میری امی بھی میری وجہ سے بہت پریشان رہنے لگی اور روتی بھی رہتی۔ اسی دوران میں نے بہت سے وظائف بھی پڑھے لیکن کسی بھی وظیفے سے مجھے کوئی فائدہ نہیں ہوا بلکہ الٹا میرے حالات اور طبیعت خراب ہونے لگی۔ وظائف کی وجہ سے پھر میرا رابطہ سر احمد منظور سے فیس بک پر ہوا میں نے سر کو اپنے حالات بتائے تو احمد منظور جسے دنیا خادمِ درود کے نام سے جانتی ہے انہوں نے مجھے تین باتیں کہیں تمام تر (1) ورد و وظائف چھوڑ دو۔ (2) صرف درود شریف کو اپنا وظیفہ بنالو۔ (3) جس نے آپ کو طلاق دی ہے اس کا معاملہ اللہ کے سپرد کر دو اسے بد عا نہ دو۔

جس دن سے مجھے طلاق ہوئی تھی میں اس شخص کو بہت ساری بد دعائیں دیتی تھی لیکن سر احمد منظور کے کہنے پر پھر میں نے اسے بد دعائیں دینی بھی چھوڑ دیں اور دوسرے تمام وظائف چھوڑ کر درودِ خضری پڑھنے لگ گئی۔ الحمد للہ پھر مالک کا ایسا کرم ہوا کہ بہت اچھی جگہ میری شادی ہو گئی اور میں ماضی کے سارے دکھ بھول گئی۔ درود شریف نے میری قسمت سنوار دی اب میری زندگی کا مین حصہ درود ہے ان شاء اللہ جب تک زندگی باقی ہے درود شریف پڑھتی رہوں گی۔

سر احمد منظور کے لیے میرے دل سے دعائیں نکلتی ہیں کیونکہ مجھے درود شریف کا روشن راستہ احمد منظور نے دکھایا۔ (اجالا۔ ملتان)

مجھے درود شریف سے فیض ملا

السلام و علیکم ! میرا نام مصباح ہے میں فیصل آباد کے قریب رہتی ہوں میں خادمِ درود احمد منظور بھائی کے واٹس ایپ فیمیل گروپ کی ممبر ہوں، میں 2015 سے درود شریف پڑھ رہی ہوں لیکن میں نے ستمبر 2020 سے احمد منظور بھائی کا گروپ جوائن کیا ہے۔

جب سے احمد منظور کا درود پاک والا گروپ جوائن کیا ہے اللہ کا خاص فضل و کرم ہونا شروع ہو گیا ہے۔

مجھے سسرال والے بہت ذلیل کرتے تھے گھر میں بہت لڑائی جھگڑا رہتا تھا خاص طور پر دیور نے جینا حرام کر دیا تھا، بہت بے عزت اور ذلیل کرتا تھا بہت روتی دعائیں مانگتی تھی کثرت سے درود پاک پڑھتی تھی اس درود پاک کی برکت سے اللہ نے میرے دیور کو بالکل ٹھیک کر دیا اب وہ میری عزت کرتا ہے، میرے معاملات اللہ نے ٹھیک کرنا شروع کر دیے ہیں، دشمن کو بے نقاب کر دیا ہے زندگی میں سکون آنا شروع ہو گیا ہے۔ ہر کام میں برکت اور آسانی پیدا ہونا شروع ہو گئی ہے۔ جب سے گروپ میں آئی ہوں تب سے ایسا ہوا ہے کہ مجھے بھائی احمد منظور سے بہت فیض ملا ہے میں احمد منظور کو اپنا روحانی استاد مانتی ہوں، میرے درود پاک پڑھنے کی تعداد میں بہت اضافہ ہوا ہے۔ پہلے 3 یا 4 ہزار پڑھتی تھی اب ماشاء اللہ 8 سے 10 ہزار روزانہ پڑھ لیتی ہوں درود پاک کے گروپ میں آنے کے بعد اتنی تعداد ہوئی ہے اس گروپ میں احمد منظور گروپ ممبرز اور سید زادیاں دعائیں مانگتی ہیں ان سب کی دعائیں میرے ساتھ شامل ہو گئی ہیں۔

میری زندگی اچھے انداز میں بدلنا شروع ہو گئی ہے میں اپنے رب کریم کی بہت شکر گذار ہوں جس نے مجھے درود پاک پڑھنے کی توفیق دی اس کے بعد میں احمد منظور کی شکر گذار ہوں جو ذریعہ بنے، میرے پاس الفاظ نہیں کہ میں درود پاک کی کیا کیا عظمتیں بیان کروں، صرف اتنا کہوں گی درود شریف سے بڑھ کر کوئی وظیفہ نہیں۔ (مصباح۔ فیصل آباد)

درود پاک کی برکت سے میرے شوہر ٹھیک ہو گئے

السلام و علیکم میں ام حسن لاہور کی رہائشی ہوں، میرا درود شریف کا سفر 2020 سے شروع ہوا اور الحمد للہ ابھی تک جاری ہے۔

میرے گھریلو حالات بالکل بھی اچھے نہیں تھے میرے شوہر سعودی عرب میں ہوتے ہیں میرے سسرال والے ہر چار ماہ بعد کسی بھی بات کا ایشو بنا کر مجھے گھر سے نکال دیتے تھے میرے شوہر بھی بالکل میرا ساتھ نہ دیتے تھے وہ اپنے گھر والوں کی ہر بات کا یقین کرتے تھے اور کہتے تھے تم جھوٹی ہو میں بہت پریشان تھی۔ مگر میرے اللہ نے میرا بہت ساتھ دیا مجھے کبھی بھی اکیلا نہیں چھوڑا میرا گھر ٹوٹنے سے بچایا۔ میں کہیں نہ کہیں سے مختلف وظائف ڈھونڈ کر پڑھ لیتی تھی کہ میرے حالات ٹھیک ہو جائیں لیکن حالات بالکل بھی ٹھیک نہیں ہو رہے تھے پھر کچھ عرصے سے میرے ذہن میں یہ خیال آنے لگا کہ قرآن پاک تو اللہ کی مقدس کتاب ہے یہ وظائف کی کتاب تو نہیں قرآن کو پڑھنا اس پر عمل کرنا ہوتا ہے، قرآن پاک کی کسی ایک آیت یا سورۃ کو بار بار پڑھنا پتا نہیں۔ صحیح ہے یا نہیں۔ پورا قرآن چھوڑ کر مخصوص آیات کو بطور وظیفہ پڑھنے سے میں ڈرنے لگی کوئی شخص ایسا نہ تھا کہ جس سے اس بارے میں بات کر سکتی اپنے سوالوں کا جواب پا سکتی پھر ایک دن خادم درود احمد منظور کی فیس

بک پر رجعت کے حوالے سے پوسٹ نظروں سے گذری اور مجھے اس پوسٹ سے اپنے سارے سوالوں کا جواب مل گیا۔

احمد منظور نے اپنے اسی ہی فیس بک گروپ میں لکھا تھا کہ درود شریف سب وظائف کا سردار ہے۔ بس وہ وقت تھا جب مجھے ہدایت ملی تھی دل میں یہ بات آگئی میں نے اپنے بھائی سے رابطہ کر کے اسے بتایا انہوں نے بھی کہا کہ کوئی ایک درود شریف سلیکٹ کرو اور وہ پڑھو۔ میرا بھائی بھی احمد منظور کے گروپ کا ممبر ہے۔

میں یہاں بتاؤں کہ میرے شوہر کا دماغ کا عارضہ تھا اور انہیں شدید درد رہتی تھی میں اس وجہ سے بھی بہت پریشان تھی پھر میں نے اسی وقت دل میں سوا لاکھ درود پاک پڑھنے کی نیت کرلی کہ اللہ پاک پردیس میں میرے شوہر کو شفا عطا فرمائے اور ان کی حفاظت فرمائے نیت یہ بھی کی تھی کہ میرے حالات ٹھیک ہو جائیں جیسے جیسے درود پڑھتی گئی مجھے پتا بھی نہیں چلا کہ کیسے میرے گھریلو حالات ٹھیک ہوگئے جن لوگوں کا رویہ میرے ساتھ اچھا نہیں تھا وہ ٹھیک ہو گیا اور الحمدللہ میرے شوہر کا دماغ کا عارضہ بھی ٹھیک ہو گیا۔ ورنہ آئے دن ان کے سر میں درد رہتا تھا اور یہ سب درود پاک کی برکت سے ہے۔ درود شریف کا کمال ہے اللہ پاک احمد منظور کا حامی و ناصر ہو اور درود شریف کے ساتھ میری محبت مرتے دم تک قائم و دائم رکھے۔ آمین (ام حسن۔ لاہور)

درود شریف نے مجھے بچالیا

السلام و علیکم ! میرا نام آصف ملک ہے میرا تعلق فیصل آباد سے ہے، میں خادم درود احمد منظور کے درود شریف کے گروپ کا ممبر ہوں، میں کافی عرصے سے درود شریف پڑھتا ہوں میرے والد ہر وقت انگلیوں پر کچھ پڑھتے رہتے تھے جب میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کیا پڑھتے رہتے ہیں تو انہوں نے بتایا کہ بیٹا میں درود شریف پڑھتا ہوں پھر مجھے بھی درود شریف پڑھنے کا شوق ہوا اور تب سے میں نے درود شریف پڑھنا شروع کر دیا ایک بار ہوا یوں کہ رات کے وقت میں گاڑی میں سفر کر رہا تھا میں ڈرائیور کے بالکل ساتھ بیٹھا ہوا تھا رات کا وقت تھا شدید دھند کی وجہ سے گاڑی بہت آہستہ چل رہی تھی اتنے میں ایک ڈاکو نے ہماری گاڑی کو روکا اس نے ڈرائیور کو بہت بُرا بھلا کہا اور اس سے موبائل اور پیسے چھین لیے۔ میں اس وقت ڈرائیور کے بالکل ساتھ بیٹھا تھا میری جیب میں قیمتی موبائل اور پیسے بھی تھے میں اس وقت بھی درود پڑھ رہا تھا میرا یقین ہے کہ درود پاک کی برکت سے اللہ پاک نے ایسا انتظام فرمادیا کہ اس ڈاکو نے مجھے جیسے دیکھا ہی نہیں، حالانکہ میں ڈرائیور کے بالکل ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔

(آصف ملک۔ فیصل آباد)

درود شریف کا معجزہ

میرا نام راشدہ ہے میں حضرو ضلع اٹک سے ہوں، درود شریف کی طرف آنے سے پہلے میں نے بہت سارے وظیفے پڑھے بہت مشکل مشکل سے وظیفے بھی پڑھے لیکن کوئی بھی فائدہ نہیں ہوا یہ 2018 کی بات ہے کہ ایسے بیٹھے بیٹھے میرے دل میں خیال آیا کہ میں نے وظائف تو بہت سے پڑھ لیے اب کیوں نہ میں وظیفے چھوڑ کر درود ابراہیمی سوا لاکھ مرتبہ پڑھ لوں احمد منظور بھائی میں آپ کو کیا بتاؤں جیسے ہی میں نے درود شریف پڑھنا شروع کیا تو معجزے ہونا شروع ہو گئے تھوڑے ہی وقت کے بعد میری صحت بہت اچھی ہو گئی میں بہت فریش اور پر سکون رہنے لگی۔ اور میری بہت اچھی جاب بھی لگ گئی جب درود شریف کی تعداد 50 ہزار ہوئی تو میرے بھائی کی بھی بہت اچھی جاب لگ گئی میں ٹیچنگ کرتی ہوں الحمد للہ فل ٹائم وضو میں رہتی ہوں اور درود ابراہیمی پڑھتی رہتی ہوں اب تو حال یہ ہے کہ میں جو سوچتی ہوں وہ ہو جاتا ہے۔ میں آپ کے واٹس ایپ فیمیل گروپ کی ممبر بھی ہوں درود شریف پڑھنے کے دوران جو میری کیفیت ہوتی ہے وہ میں بتا نہیں سکتی۔ احمد منظور بھائی آپ خود درود پڑھنے والے ہیں آپ اس کیفیت کو سمجھ سکتے ہیں۔ (راشدہ۔ حضرو اٹک)

میرے والد ٹھیک ہو گئے

میرا تعلق پنجاب کے ضلع نارووال تحصیل شکر گڑھ سے ہے، میرے والد صاحب کو پچھلے سال یعنی 2020 میں کرونا ہو گیا تھا ہم تین بہنیں ہیں، بھائی نہیں ہے، اس کٹھن وقت میں بس اللہ ہی سہارا تھا اس مشکل وقت میں ہم نے درود تنجینا پڑھنا شروع کر دیا اللہ پاک نے اپنے کرم سے اور درود پاک کی برکت سے ہمارے حال پر کرم کیا اور والد صاحب کو اللہ نے دوبارہ صحت و زندگی عطا فرمائی میں نے کہیں پڑھا تھا کہ مشکل وقت میں درود تنجینا پڑھنا نجات کا باعث ہے۔ پھر دن رات درود پڑھنا شروع کیا اور اللہ نے اپنے حبیب ﷺ کے صدقے درود پڑھنے کی توفیق عطا فرمائی۔ اس کے بعد احمد منظور کا فیس بک فضائل درود گروپ جوائن کیا پھر واٹس ایپ گروپ جوائن کیا اب الحمدللہ احمد منظور کی رہنمائی میں درود شریف کی محبت کا سفر جاری ہے۔

درود شریف کا کمال

میں کراچی سے ہوں میری شادی پنجاب ہو گئی ہے شادی کے کچھ سال بعد میرے شوہر نے مجھے گھر سے نکال دیا میرے دو بیٹے بھی مجھ سے چھین لیے۔ میں واپس کراچی آگئی تھی میں اپنے بچوں کو دیکھنے کے لیے ترستی تھی اور بہت روتی تھی یہ 2020 کی شروعات کی بات ہے ان دنوں میں نے فیس بک پر سر احمد منظور کی آئی ڈی اور درود پاک کا گروپ دیکھا میں احمد منظور کی پوسٹوں سے بہت متاثر ہوئی اور حیران بھی تھی کہ یہ بندہ ہے کون جس کی ہر بات درود سے شروع اور درود پر ختم ہوتی ہے۔ پھر کچھ دن کے بعد مجھے احمد منظور کا واٹس ایپ نمبر مل گیا۔ میں نے اپنا سارا قصہ احمد منظور کو بتایا تو احمد منظور سر نے مجھے تسلی دی اور بولا کہ

عشاء کی نماز کے بعد 313 مرتبہ درود حل المشکلات پڑھ کر دعا کریں احمد منظور نے یہ درود سات دن پڑھنے کا کہا تھا لیکن پہلے سات دن میں مجھے فائدہ نہیں ہوا میں نے دوبارہ رابطہ کیا سر نے کہا آپ کے پڑھنے میں کمی ہے دوبارہ سات دن پڑھیں میں نے جب دوبارہ پڑھنا شروع کیا تو اب حال یہ تھا کہ میں جیسے ہی درود پڑھنے بیٹھتی تو میری آنکھوں سے آنسو بارش کی طرح برسنے لگتے پھر قدرت کا کرشمہ ہوا میرا پڑھا ہوا درود رنگ لایا میرے شوہر خود چلے آئے میرے گھر مجھ سے معافی مانگی اور مجھے ساتھ اپنے گھر لے آئے میری زندگی کی بہاریں درود پاک کی برکت سے لوٹ آئیں۔

اللہ پاک سر احمد منظور کو سلامت رکھے مجھے درود پاک کا راستہ سر احمد منظور نے دکھایا واقعی درود شریف کامیابی کا سفر ہے۔

درود پاک کی برکتیں

السلام و علیکم !احمد منظور صاحب میں نے آپ کا نمبر فیس بک گروپ سے لیا ہے آپ فیس بک پر درود شریف کی بہت اعلیٰ خدمت کر رہے ہیں میرا نام کرن اعجاز عطار یہ ہے۔

میں تقریباً 11 سال سے درود پاک پڑھ رہی ہوں مجھ پر درود پاک کے صدقے بہت سے کرم ہوئے ہیں سب سے واضح کرم یہ ہوا ہے کہ جس دن سے درود شریف شروع کیا ہے میری روٹیوں پر اللہ پاک پیارے آقا ﷺ اور حضرت مولا علی علیہ السلام اور حسنین کریمین کے نام آتے ہیں یہ ایک ایسی کرامت ہے کہ جسے سب دیکھتے ہیں۔ اور پھر ایک دن ایسا کرم ہوا کہ میری بازو پر اللہ پاک کا نام میری رگوں سے واضح ہو گیا جو ہمیشہ کے لیے لکھ دیا گیا ہے اللہ پاک نے، مجھے پیارے آقا ﷺ کی بھی زیارت ہوئی ہے اور بہت سے اولیاء کرام کی بھی زیارت ہو چکی ہے۔

درود شریف سے میری زندگی تبدیل ہو گئی

السلام و علیکم! میرا نام ام حبیبہ ہے میں موچم شہر میں رہتی ہوں احمد منظور بھائی درود شریف سے میری زندگی میں بہت تبدیلی آئی ہے پانچ وقت کی نماز میں دل لگ گیا ہے اور بہت اچھے خواب آتے ہیں۔

مجھے ایک خواب آیا کہ میں حضور ﷺ کی قبر مبارک پر سبز چادر ڈال رہی ہوں۔ ایک اور خواب آیا کہ میں غارِ حرا میں اندر کی طرف دیکھ رہی ہوں اور بہت پیاری خوشبو میرے جسم کے اندر جارہی ہے جو میں اب بھی محسوس کرتی ہوں۔ اس کے علاوہ اور بھی بہت اچھے خواب آتے ہیں۔ ان خوابوں کے علاوہ بھی میری زندگی میں بہت سکون آیا ہے میں الفاظ میں بیان نہیں کر سکتی۔ مجھے جب بھی کسی چیز کی ضرورت ہوتی ہے درود پڑھتی ہوں فوراً مل جاتی ہے۔ درود شریف میری زندگی بن چکا ہے مرتے دم تک نہیں بھول سکتی جتنی زندگی ہے ساری درود کے نام میں خود بھی احمد منظور بھائی آپ کے واٹس ایپ گروپ میں شامل ہوں اور میں نے اپنی بہت سی دوستوں کو بھی گروپ میں ایڈ کیا ہے وہ سب بھی درود پڑھتی ہیں۔

میں آپ کے گروپ میں جنوری 2021 سے ایڈ ہوں میں نے آپ کے گروپ سے بہت کچھ سیکھا ہے۔

اللہ پاک آپ کو بہت خوش رکھے اور آپ اسی طرح کوشش جاری رکھیں درود پڑھوانے کی۔ (ام حبیبہ، موچم شہر)

درود شریف سے محبت رسول ملی

میں کراچی میں رہتی ہوں کچھ مہینے پہلے کی بات ہے میں کسی وجہ سے پریشان تھی وظیفے پڑھنے لگ گئی تھی اچانک میری نظر خادمِ درود احمد منظور کے درود شریف والے فیس بک گروپ پر پڑی، احمد منظور کی درود پاک کی حوالے سے پوسٹیں پڑھ کر دل میں خیال آیا کیوں نہ میں درود شریف پڑھنا شروع کر دوں درود پاک پڑھنے سے پہلے میں بہت بے چین رہتی تھی درود پاک پڑھنے سے مجھے بہت سکون ملا ہے دلی بھی روحانی بھی۔ پہلے ہم کہتے تو تھے کہ ہمیں نبی پاک ﷺ سے محبت ہے لیکن پہلے نبی پاک ﷺ کی اتنی محبت نہیں تھی جتنی اب محسوس ہو رہی ہے۔

میں پہلے دعا میں اول آخر 3 مرتبہ درود پڑھتی تھی وہ پڑھنا بھی بوجھ لگتا تھا۔ اب تو الحمدللہ جتنے بھی درود یاد ہیں سب دعا میں پڑھتی ہوں دل کرتا ہے پڑھتی ہی رہوں۔

درود شریف پڑھنے کی وجہ سے میری پریشانی بھی دور ہو گئی اور محبت رسول بھی مل گئی۔

درود شریف سے زندگی میں سکون آگیا

السلام و علیکم ! میرا نام ساجدہ شکیل ہے میں ملتان میں رہتی ہوں میں نے جب سے احمد منظور بھائی کا واٹس ایپ پر درود شریف کا گروپ جوائن کیا ہے تب سے میری زندگی میں سکون آگیا ہے۔ بہت سے دنیاوی فوائد بھی حاصل ہوئے ہیں لیکن سب سے بڑھ کر یہ فائدہ ہوا ہے کہ درود شریف پڑھنے کی پکی عادت ہوگئی میرا نماز اور نیک کاموں میں دل لگنے لگا ہے۔

اب میں ضرورت مند لوگوں کی مدد بھی کرنے لگی ہوں یہ سب تب سے ہوا ہے جب سے میں نے درود شریف پڑھنا شروع کیا ہے۔

اللہ پاک احمد منظور بھائی کی درود پاک کے حوالے سے کاوشیں قبول فرمائے اور انہیں ڈھیر ساری خوشیاں عطا فرمائے۔ آمین

درود شریف سے میرے مسائل حل ہوگئے

السلام و علیکم احمد منظور جی میرا نام شمیم یوسف ہے میں ستی جران والا فیصل آباد سے ہوں۔

میں ایک سال سے آپ کے گروپ میں ایڈ ہوں میں نے آپ کا فیس بک گروپ دیکھ کر آپ سے رابطہ کیا تھا آپ نے مجھے سوا لاکھ مرتبہ درود خضری پڑھنے کا بولا تھا میرے ذاتی گھر کا مسئلہ تھا الحمد للہ مجھے درود پڑھتے پڑھتے دو مہینے ہوئے تھے مجھے ذاتی گھر مل گیا اب میں روزانہ 500 یا 1000 درود شریف پڑھتی رہتی ہوں اس کی برکت سے میرے سارے مسائل خود بخود حل ہو جاتے ہیں اور ضرورتیں پوری ہوتی رہتی ہیں یہ سب آپ کے گروپ کی

وجہ سے ہوا ہے۔ سر احمد منظور اللہ پاک آپ کو صحت والی زندگی دے اور اپنے امان میں رکھے آمین۔ جب سے درود پاک پڑھنا شروع کیا ہے تب سے پانچ ٹائم نماز کی پابند ہوگئی ہوں اب نماز اور درود پاک کے بنا سکون ہی نہیں آتا۔

درود شریف کی وجہ سے غیبی مدد

السلام و علیکم میرا نام شہناز ہے۔ میں احمد منظور بھائی کے واٹس ایپ خواتین والے گروپ کی ممبر ہوں۔

دو سال پہلے کی بات ہے کہ میں نے درود تاج پڑھنا شروع کیا ایک دن گھر کی صفائی ستھرائی کا کام کر رہی تھی جب اسٹور کی باری آئی تو تھکاوٹ کی وجہ سے میرا دل بالکل نہیں کر رہا تھا اور ہمت بھی نہیں ہو رہی تھی گرمی بھی بہت تھی لیکن اچانک ایسا لگا جیسے میرے ہاتھ خود بخود کسی کی مدد سے کام کرنے لگ گئے اور کام بہت کم وقت میں مکمل ہو گیا تھکاوٹ اور گرمی کا احساس تک نہ ہوا آج بھی جب یہ بات یاد آتی ہے تو مجھے حیرت اور خوشی محسوس ہوتی ہے اس کے علاوہ بھی زندگی میں بہت سے موقعوں پر غیبی مدد محسوس ہوتی ہے الحمد للہ ثم الحمد للہ یہ اللہ پاک کا بہت بڑا کرم ہے پیارے آقا ﷺ کی نظر کرم ہے درود پاک کے صدقے، اللہ پاک احمد منظور کے درجات دین و دنیا میں بہت بلند کرے آپ درود پاک کی خدمت کا کام بہت اچھے طریقے سے کر رہے ہیں۔

درود شریف سے میرا منہ میٹھا ہو گیا

السلام و علیکم میرا نام عمرین واصف ہے میں کراچی سے ہوں۔ میں احمد منظور بھائی کے واٹس ایپ گروپ کی ممبر ہوں اور فیس بک پر درود شریف کے گروپ کی ایڈ من بھی ہوں۔ میں نے درود شریف کی محفل میں ایک مرتبہ سنا کہ شہد کی مکھیاں درود شریف پڑھتی رہتی ہیں اس لیے شہد اتنا میٹھا ہوتا ہے میں نے سوچا کیسے میٹھا ہو گا میں درود شریف پڑھتی گئی اور منہ میٹھا ہوتا گیا پورا منہ مٹھاس سے بھر گیا، جب ہی شاعر نے کہا ہے۔

میٹھا میٹھا ہے میرے محمد کا نام
ان پر لاکھ کروڑوں درود و سلام

پیارے آقا صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم ہم سے اتنی محبت کرتے ہیں کہ 1400 سال گذرنے کے باوجود وہ شدت ابھی بھی قائم ہے میں اکثر درود پڑھتی تھی ان کی محبت کا سوچ کر تو خواب میں دیکھا گنبد خضراء ہے جسے دیکھ کر میرے دل میں آتا ہے کہ آقا صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم دعا فرما رہے ہیں میرے لیے شادی کے متعلق ان کی دعا سے میں بچ گئی شادی کے حوالے سے شاعر نے سچ کہا ہے کہ

یہ کرم ہے حضور کا ہم پر
آنے والے عذاب ٹلتے ہیں

درود شریف سے میری خوشیاں لوٹ آئیں

السلام و علیکم میرا نام ام مرہا ہے میں اسلام آباد سے ہوں، کہتے ہیں درود پاک پڑھنے والے کو اللہ تیسری آنکھ دیتا ہے اس کے وجدان کو روشن کر کے دکھاتا ہے درود پاک پڑھنا شروع کیا تب اس کی اہمیت سے ناواقف تھی درود پڑھتی گئی شوق بڑھتا گیا پھر احمد منظور کا واٹس ایپ فیمیل گروپ جوائن کیا یوں میں بھی درود شریف کی محفل کا حصہ بن گئی درود پاک کی برکت سے میری زندگی مجھے واپس مل گئی جو لوگ کہتے تھے تم پر کالے جادو کا اثر ہے جنات کا قبضہ ہے ان کے منہ بند ہو گئے۔ پہلے زندگی کی کچھ آزمائشوں کی وجہ سے درود پاک پڑھنا کم کر دیا تھا تب خواب میں دیکھا بہت بڑا ریتیلا میدان ہے جس میں دور دور تک صفیں بچھی ہوئی ہیں سفید کپڑوں میں ملبوس لوگ درود پاک پڑھ رہے ہیں دراز قد اور پرنور چہرے والے لوگ تھے۔

اس جگہ مجھے کسی نے کہا کہ تم نے درود پاک پڑھنا کیوں چھوڑ دیا بس اسی دن سے آج تک درود پاک میری زندگی کا حصہ ہے اب میں خادم درود احمد منظور بھائی کے فیس بک درود شریف گروپ کی ایڈمن بھی ہوں۔

درود پاک کا سچا واقعہ

السلام و علیکم امید ہے خادم درود احمد منظور بھائی صاحب آپ خیریت سے ہوں گے اللہ کریم آپ پر اپنی ان گنت رحمتیں نچھاور کرے میں آپ کو درود شریف کا ایک سچا واقعہ بتانے لگی ہوں میں 21 سالہ لڑکی ہوں میرا نام شرمین ہے۔

یہ واقعہ دو روز پہلے پیش آیا میں بس میں سوار تھی جو کہ 3 گھنٹوں کی مسافت کے بعد میرے شہر پہنچی تھی یہ واقعہ 31 مئی 2021 کو پیش آیا شدید گرمی کا دن تھا میں بغیر ناشتہ کیے سفر پر روانہ ہوگئی بس میں مسافروں کی بھیڑ تھی بس چلتی گئی اچانک بس میں موجود ایک مسافر جو دل کا مریض تھا اس کی حالت خراب ہونے پر بس میں شور مچا اور خوف کا عالم شروع ہوا بس رکی اور پھر چل پڑی اسی دوران خوف اور گھبراہٹ کی وجہ سے میرا ذہن شدید پریشان ہوگیا کھائے جانے والا خوف مجھ پر برپا ہوگیا۔ مریض کی حالت پھر سے خراب ہوگئی اور بس رک گئی گرمی، بھوک، پیاس کی وجہ سے میرا دل گھبرانے لگا پینے کو گرم پانی موجود تھا اور کھانے کو کچھ نہ تھا میرا سانس پھولنے لگا مجھے سانس لینے میں تنگی محسوس ہوئی میں نے پانی پیا اور ایک دم مجھے درود پاک پڑھنے کا خیال آیا، میں آہستہ اور ہلکی آواز میں درود کا ورد کرتی گئی معلوم نہیں تعداد کتنی تھی میں درود ابراہیمی اور درود خضری پڑھ رہی تھی اچانک اللہ کا کرم ہوا مجھ پر میری حالت میں آہستہ سے فرق آنے لگا ٹھنڈی ہوا کا جھونکا بس میں مجھے کھڑکی سے آتا ہوا محسوس ہوا مریض کی حالت بھی ٹھیک ہوگئی تھی بس چل پڑی میں درود پاک پڑھتی رہی یوں اللہ کے کرم سے درود کی برکت سے میرا کٹھن سفر آسان ہوگیا یہ سب درود پاک کے صدقے ہوا شکر ہے کروڑوں بار اللہ تعالیٰ کا کہ اس نے درود پاک جیسی نعمت عطا کی درود پاک انمول اور حسین ذکر ہے۔

درود پاک کے کرشمات

السلام وعلیکم میرا نام شہناز بلوچ ہے میں بلوچستان سے ہوں میری سسٹرز، میری امی میرے بھائی مطلب ہماری پوری فیملی خادم درود احمد منظور بھائی کے تمام فیس بک اور واٹس ایپ گروپ کا حصہ ہیں اور احمد منظور سے جتنا فیض مجھے اور میری فیملی کو ملا ہے اتنا شاید ہی کسی اور کو ملا ہو ہم پہلے بھی درود شریف پڑھتے تھے لیکن کبھی پڑھتے تھے تو کبھی چھوڑ دیتے تھے۔

لیکن الحمدللہ جب سے ہم احمد بھائی کے گروپ میں شامل ہوئے ہیں تب سے درود شریف ہماری زندگی بن گیا ہے میرا بھائی پہلے نماز بھی نہیں پڑھتا تھا لیکن جب سے احمد منظور کے گروپ میں شامل ہوا ہے ماشاء اللہ نماز کا پابند ہوا ہے اور درود شریف بہت پڑھتا ہے اور اسے درود شریف سے ایسے ایسے مشاہدے ہوئے ہیں کہ کیا بتاؤں۔ جب سے ہم لوگ درود شریف پڑھنے لگے ہیں تب سے ہماری ہر خواہش خودبخود پوری ہو جاتی ہے۔

ہمیں بہت اچھے خواب آتے ہیں کچھ روز پہلے میں نے خواب میں دیکھا کہ میں روضہ رسول ﷺ کی جالی مبارک پکڑ کر بہت رو رہی ہوں اور عرض کر رہی ہوں پیارے آقا آپ دونوں جہانوں کے سردار ہیں میں آپ کی گناہ گار امتی ہوں پھر خواب میں مجھے کسی نے آپ ﷺ کے قدم مبارک کے نشان دکھائے ان نشانات پر ہاتھ رکھ کر میں بہت رو رہی تھی اور کانپ رہی تھی پھر میں نے خواب میں بہت بڑے بڑے ہرے رنگ کے انگور دیکھے میں نے ان میں سے کچھ انگور کھائے بھی ایسے انگور نہ پہلے میں نے دیکھے تھے نہ ہی کھائے تھے یہ سب درود پاک کی برکتیں ہیں۔

درود پاک کی برکت سے نکاح ہو گیا

السلام و علیکم میرا نام آمنہ بتول ہے میں سیالکوٹ سے ہوں احمد منظور بھائی میں آپ کے واٹس ایپ گروپ کی ممبر ہوں ہمارا گھرانہ بہت نیک ہے ہمارے والد صاحب تہجد گزار ہیں لیکن ہمارے مالی حالات بھی بہت خراب تھے اور رشتوں کا بھی بڑا مسئلہ تھا رمضان 2021 میں میں نے آپ سے رابطہ کیا تو آپ نے کہا کہ نماز مغرب کے بعد 1100 مرتبہ درود رحمت پڑھیں میں نے پڑھنا شروع کر دیا اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے درود رحمت کی برکت سے میری دو سسٹرز کی 27 رمضان کو شادی ہو گئی۔ اور اب ہمارے مالی حالات بھی بہتر ہو رہے ہیں۔

آپ سے رابطہ کرنے سے پہلے ہم نے بہت سے وظیفے پڑھے کوئی فائدہ نہیں ہوا لیکن یہ سب فائدے درود پاک پڑھنے کی برکت سے ملے ہیں سچ میں درود پاک جیسا کوئی وظیفہ نہیں آپ نے ہماری صحیح رہنمائی کی درود پاک پر لگایا اللہ پاک آپ کو خوش رکھے اور آپ کی نسلوں میں سے کوئی ایسا پیدا کرے جو آپ کے بعد آپ کے اس عظیم کام کو جاری رکھے۔ اس جہاں میں جو کچھ بھی ہے محمد ﷺ اور آل محمد کے صدقے ہے اس لیے محمد و آل محمد پر درود پڑھنے سے جہاں بھر کی خوشیاں مل جاتی ہیں۔

درود شریف سے میری کمیٹی نکل آئی

السلام و علیکم میرا نام شبانہ خالد ہے میں فیصل آباد کے قریب سے ہوں۔
خادم درود احمد منظور بھائی میرے سگے بھائیوں کی طرح ہیں میں احمد منظور بھائی کے واٹس ایپ گروپ کی ممبر ہوں اور فیس بک والے درود شریف کے گروپ کی ایڈمن ہوں کچھ سال پہلے کی بات ہے میں نے کمیٹی ڈالی ہوئی تھی جس دن کمیٹی نکلنی تھی اس دن میں مصلہ بچھا کر درود اول پڑھنے بیٹھ گئی کیونکہ اس دن مجھے پیسوں کی بڑی ضرورت تھی۔ الحمدللہ درود پاک کی برکت سے میری کمیٹی نکل آئی دوسری بار میرے شوہر نے لاہور میں کمیٹی ڈالی اس بار بھی ایسا ہی ہوا میں درود اول پڑھنے بیٹھ گئی اللہ کا کرم ایسا ہوا کہ کمیٹی کی پرچی نکالنے والی باجی نے تین مرتبہ پرچی نکالی تینوں بار ہمارا نام آیا درود شریف کی بے شمار برکتیں ہیں اللہ پاک ہمیں اور ہماری آنے والی نسلوں کو کثرت سے درود پاک پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

میرا تجربہ

السلام و علیکم میرا نام نگہت یاسمین ہے۔ میں ہڑپاسٹی سے ہوں ہم سات بہن بھائی ہیں جن میں سے الحمدللہ 6 احمد منظور بھائی کے گروپ میں شامل ہیں یہ ہماری بہت بڑی خوش نصیبی ہے۔

میں آپ کو ایک درود شریف کی باری میں اپنا ذاتی مشاہدہ بتاتی ہوں یہ درود پاک درود شریف کی مشہور کتاب القول البدیع میں بھی لکھا ہوا ہے۔

کھانا کم مہمانوں کے لیے بنایا گیا ہو اور مہمان زیادہ آجائیں تو بسم اللہ پڑھ کر پھر یہ درود پڑھتی رہیں کھانا تقسیم کرتی جائیں سارے مہمان پیٹ بھر کے کھانا کھالیں گے لیکن کھانا ختم نہ ہو گا۔

آپ کسی بس میں بیٹھے ہیں بس خالی ہے مسافروں کا انتظار ہے آپ یہ درود شریف پڑھنا شروع کر دیں تھوڑی ہی دیر میں بس فل ہو جائے گی اس درود شریف کی اور بھی بہت ساری برکتیں ہیں لیکن یہ میرا اپنا ذاتی تجربہ ہے وہ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا تَبْقٰی صَلٰوۃٌ

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا تَبْقٰی بَرَکَۃٌ

اَللّٰھُمَّ سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا تَبْقٰی سَلَامٌ

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا تَبْقٰی رَحْمَۃٌ

درود شریف سے سب کچھ مل گیا

السلام و علیکم میرا نام نثار اجپوت ہے میں بہاولپور سے ہوں میری عمر 27 سال ہے۔

زندگی میں بہت سے مسائل تھے پریشانیاں تھیں 2021 میں میں نے استاد محترم خادم درود احمد منظور صاحب سے رابطہ کیا اور احمد منظور صاحب کے واٹس ایپ خواتین والے گروپ میں بھی شامل ہوں احمد منظور نے مجھے درود پڑھنے کی تلقین کی میں چھوٹا سا درود صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ پڑھنے لگ گئی پھر تو کمال ہوتے گئے سب سے پہلی بات یہ کہ پہلے 27 سالوں میں میں نے کبھی رمضان المبارک کے سارے روزے نہیں رکھے لیکن

درود پاک کی برکت سے 2021 والے رمضان المبارک کے میں نے سارے روزے رکھے۔

میرے بہت سے دشمن تھے وہ میرے دوست بن گئے جو دوست تھے وہ جان بن گئے میرے والد بیمار تھے وہ ٹھیک ہو گئے میرے ناممکن کام ممکن ہو گئے میری حاجات پوری ہو گئی میں نے اس چھوٹے سے درود پاک کے بڑے کمالات خود دیکھے ہیں۔

میں استاد محترم احمد منظور صاحب کے لیے جھولیاں اٹھا کر دعائیں مانگتی ہوں استاد محترم نے مجھے درود پاک پر لگایا اور درود پاک نے میری زندگی سنوار دی۔

الحمدللہ ثم الحمدللہ میرا درود شریف کا سفر جاری ہے اور ان شاء اللہ مرتے دم تک درود شریف پڑھتی رہوں گی۔

عدالتی فیصلہ میرے حق میں ہو گیا

میرا نام سمیرا ہے میں عارف والا سے ہوں۔ میں 2020 سے احمد منظور کے گروپ میں ایڈ ہوں پچھلے 8 سال سے میرا ایک مقدمہ عدالت میں چل رہا تھا میں احمد منظور کے گروپ میں آنے سے پہلے تھوڑا بہت درود پڑھتی تھی لیکن میں زیادہ تر مختلف وظائف پڑھتی رہتی تھی لیکن احمد منظور سے متاثر ہو کر میں نے یکم اپریل 2020 سے تمام تر وظائف چھوڑ کر صرف درود خضری پڑھنا شروع کر دیا ہے میں نے یہ نیت کی ہوئی ہے کہ میں اپنی زندگی میں درود خضری کا سوا کروڑ مکمل کروں گی۔

ابھی تک الحمدللہ میرا 21 لاکھ درود مکمل ہوا ہے اور جب سے میں نے درود خضری پڑھنا شروع کیا ہے میں نے اپنے اوپر اللہ کا بہت بڑا کرم ہوتے دیکھا ہے 8 سال سے مجھ پر جو

مقدمہ چل رہا تھا عدالت نے وہ فیصلہ میرے حق میں دے دیا۔اس کے علاوہ بھی بہت سے کرم ہوئے ہیں الحمدللہ اب جس کسی چیز کی مجھے طلب ہوتی ہے وہ چیز مجھے اسی دن مل جاتی ہے۔

مجھے زیارت رسول ہوئی

میرا نام سعدیہ ہے میرا تعلق پشاور سے ہے۔ بھائی احمد منظور سے ہمارا فیملی تعلق ہے میری امی نے احمد منظور کو اپنا بیٹا بنایا ہوا ہے اس لیے احمد منظور میرے سگے بھائیوں کی طرح ہیں احمد منظور بھائی بھی مجھے اپنی بہن اور میری امی کو اپنی سگی ماں جتنی اہمیت دیتے ہیں۔

آج سے دو سال پہلے ہمارا رابطہ بھائی احمد منظور سے ہوا تب میرے ساتھ کچھ مسائل تھے احمد بھائی نے مجھ درود خضری پڑھنے کی تلقین کی اور میں درود پڑھنے لگ گئی اس سے پہلے میں درود شریف پڑھنا چاہتی بھی تھی تو پڑھ نہیں پاتی تھی اور شاید میں درود شریف کو زیادہ خاص عبادت بھی نہیں سمجھتی تھی۔

لیکن اس بار جو میں نے درود خضری پڑھنا شروع کیا تو میں سارا دن درود پڑھتی رہی گھر میں سفر میں اپنے دفتر میں میں لگاتار درود پڑھتی رہی کافی وقت سے میرا عمرہ پر جانے کا ارادہ تھا پیسے کا مسئلہ نہیں تھا لیکن پھر بھی پتا نہیں کیوں جا نہیں پا رہی تھی۔ لیکن جب سے کثرت سے درود خضری پڑھنا شروع کیا اس کے چند مہینوں کے بعد میں اپنی فیملی کے ساتھ عمرہ پر چلی گئی جب میں مکہ پہنچی تو طواف کے دوران بھی میری زبان پر اکثر درود خضری ہی جاری رہا میں کوشش کرتی کہ دوسرے اذکار بھی کروں لیکن نا چاہتے ہوئے بھی درود پاک میری زبان پر آجاتا۔

دل بے چین تھا ایک رات میں رو کر سو گئی تو اس رات میں نے یہ خواب دیکھا کہ مسجد نبوی کے قریب بچے کھیل رہے ہیں میں ان کو دیکھ رہی ہوں اور مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ سامنے مسجد نبوی ہے وہاں حضور ﷺ موجود ہیں جب بچے کھیل کر چلے گئے تب میں مسجد نبوی کے اندر جانے لگی ہوں تو وہاں سیکیورٹی والے نے مجھے روک لیا کہ تم اندر نہیں جاسکتی اندر حضور موجود ہیں تو میں کہنے لگی کہ میں یہاں حضور ﷺ سے ملنے کے لیے ہی آئی ہوں۔ سیکیورٹی والا مجھے روک رہا ہے اور میں اندر جانے کی ضد کر رہی ہوں اتنے میں وہ شخص اندر گیا پھر باہر آکر مجھے کہنے لگا کہ تم اندر جاسکتی ہو، حضور ﷺ نے اجازت دے دی ہے کہ اسے اندر آنے دیں پھر میں اندر جاتی ہوں تو میں سنہری جالی کو پکڑ کر بہت رو رہی ہوں اور اپنی زندگی کے سارے دکھڑے آقا ﷺ کو سنا رہی ہوں حضور جالی کے اس طرف التحیات والی پوزیشن میں بیٹھے ہوئے ہیں اور میری باتیں بہت غور سے سن رہے ہیں میں کافی دیر تک روتی رہی اپنی باتیں سناتی رہی پھر حضور ﷺ نے مجھے فرمایا کہ تم رو مت میں نے تو خود پیغام بھیجا تھا کہ تم مدینے آجاؤ اتنے میں میری آنکھ کھل گئی فجر کی اذان ہو رہی تھی اس خواب کے دوسرے یا تیسرے دن میں مکہ سے مدینہ چلی گئی اور وہاں میں بہت روئی اور بہت سکون ملا مجھے اس خواب کے بعد مجھے درود شریف پر بڑا یقین ہو گیا ہے اور اپنے آقا ﷺ سے شدید محبت ہو گئی ہے۔

درود شریف کا سفر جاری ہے اس خواب کے بعد مجھے اس طرح کے اور بھی بہت سے خواب آتے رہتے ہیں۔

قبر میں ٹھنڈی ہوائیں

السلام وعلیکم میرا نام سیدہ منیرہ ہے۔ میں ممبئی ہندوستان سے ہوں احمد منظور سے میرا رشتہ بھائیوں والا ہے احمد منظور میرے دنیا میں بھائی ہیں اور آخرت میں بھی بھائی رہیں گے ان شاء اللہ۔ میں اپنے راز کسی کو بتاتی نہیں لیکن احمد بھائی کے کہنے پر میں درود پاک کا اپنا ایک مشاہدہ بتارہی ہوں۔

ویسے تو درود شریف میری زندگی ہے مجھے سب کچھ درود سے ملا ہے اور مجھے آگے کی کامیابی بھی درود پاک سے ملنی ہے یہ مجھے بتایا گیا ہے میں نے ایک بار خواب میں دیکھا کہ مجھے قبر میں لٹایا جارہا ہے اور جیسے ہی قبر میں میری آنکھ کھلتی ہے تو میں درود پڑھتی ہوں میں دیکھتی ہوں کہ میری قبر بہت بڑی ہے لیکن اس کا دروازہ کوئی نہیں ہے میں چاروں طرف بھاگتی ہوں لیکن باہر جانے کا راستہ کوئی نہیں ہے لیکن وہاں اتنی ٹھنڈی اور پیاری ہوائیں آرہی ہیں کہ میں حیران ہوں کہ یہ ٹھنڈی ہوائیں کہاں سے آرہی ہیں۔

تو میرے دل میں یہ خیال ڈالا جاتا ہے کہ تم دنیا میں درود وسلام پڑھا کرتی تھیں اس لیے تیری قبر میں اتنی ٹھنڈی ہوائی چل رہی ہیں، سبحان اللہ۔ مطلب یہ کہ مجھے یہ دکھایا کہ جو دنیا میں درود پڑھتے ہیں ان کی قبروں میں ٹھنڈی ہوائیں چلتی ہیں۔

اللہ پاک میرے بھائی احمد منظور کو درود شریف کے کام میں خوب خوب ترقی عطا فرمائے۔ آمین

مجھے تلبینہ عطا ہوا

السلام و علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ، میرا نام ایمان فاطمہ ہے، میں اسپین میں رہتی ہوں یہاں کا ماحول پاکستان سے بہت مختلف ہے۔

میں ایک بار عمرہ بھی کر کے آئی ہوں لیکن مجھے نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر درود پاک پڑھنے کی اہمیت اور فوائد کا زیادہ علم نہیں تھا میں صرف نماز میں ہی درود پڑھتی تھی۔

جب میں نے خادمِ درود احمد منظور سر کا فیس بک پر درود شریف والا گروپ جوائن کیا، تب مجھے پتا چلا کہ درود شریف پڑھنا کتنی بڑی عبادت ہے اور درود پاک کے کتنے فوائد ہیں ۔ خادمِ درود سے رابطہ کیا تو انہوں نے مجھے درود خضری پڑھنے کا بولا میں روزانہ دو سے تین ہزار مرتبہ درود پڑھنے لگی درود پاک سے مجھے بہت سکون ملا۔

پھر خادمِ درود احمد منظور نے مجھے اپنے گروپ کی ایڈمن بنا دیا میں بھی درود پاک کے حوالے سے گروپ میں پوسٹ سینڈ کرنے لگی۔ درود پاک کی برکت سے ایک رات مجھے یہ خواب آیا کہ مجھے کوئی تلبینہ دے رہا ہے اور دینے والا کہہ رہا ہے کہ یہ تلبینہ تیرے لیے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے بھیجا ہے۔

سبحان اللہ یقیناً مجھ پر یہ کرم درود پاک کی وجہ سے ہوا

اب تو میرے دل میں درود پاک کی بڑی محبت ہے جب تک زندگی ہے درود پاک پڑھتی رہوں گی۔ ان شاء اللہ

دیوار پر نامِ محمد ﷺ

میرا نام سیدہ فروا ہے میں سیالکوٹ سے ہوں، احمد منظور بھائی کے واٹس ایپ خواتین گروپ کی پہلے دن سے ہی ممبر ہوں الحمدللہ میری دعائیں احمد بھائی کے ساتھ ہمیشہ رہتی ہیں۔

درود شریف کی محبت مجھے ورثے میں ملی ہے میری والدہ بہت نیک اور صالحہ تھیں میری والدہ ہمیشہ درود و سلام پڑھتی رہتی تھی جس کمرے میں میری والدہ درود پاک پڑھتی تھیں اس کمرے کی دیوار پر قدرت کی طرف سے نامِ محمد ﷺ واضح طور پر لکھا ہوا تھا جو کہ کافی عرصے تک نظر آتا رہا میں بھی درود پاک سے وابستہ ہوں الحمدللہ درود پاک کی برکت سے زندگی میں بہت سکون ہے۔

درود شریف کے نایاب صیغے

الحمد للہ یہاں پر میں اس کتاب میں درود شریف کے چند نایاب صیغے لکھنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

درود پاک کے ہزاروں صیغے ہیں جن میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو بہت بابرکت ہیں لیکن عام نہیں ہیں اس کتاب میں وہ نایاب موتی چن چن کر اکٹھے کر رہا ہوں۔

اللہ کی رحمتیں ہوں ان تمام لوگوں پر جنہوں نے درود پاک کے نایاب موتی اکٹھے کرنے میں میرے ساتھ تعاون کیا۔

درود کروڑی

یہ بہت ہی نایاب اور پیارا درود ہے اس درود پاک کو سچے دل سے ایک مرتبہ پڑھنے سے ایک کروڑ درودوں کا ثواب ملتا ہے اس لیے اس مبارک درود کو درود کروڑی کہا جاتا ہے۔

اس درود پاک کے الفاظ بھی بہت ہی پیارے ہیں۔ اس درود پاک کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں اس درود پاک کو پڑھنے سے ایک کروڑ درود کا ثواب بھی ملتا ہے اور جو شخص اس درود پاک کا روزانہ ورد کرے اسے دین و دنیا کی بے شمار برکتیں نصیب ہوتی ہیں اور اس کی حاجات اللہ کے کرم اور اس مبارک درود پاک کی برکت سے خود بخود پوری ہوتی رہتی ہیں۔

درود کروڑی یہ ہے۔

شَمْسُ الضُّحٰی مُحَمَّدٌ	بَدْرُ الدُّجٰی مُحَمَّدٌ
نُوْرُ الْھُدٰی مُحَمَّدٌ	صَلُّوْا عَلٰی مُحَمَّدٌ
طٰہٰ لَقَبْ مُحَمَّدٌ	اَعْلَی النَّسَبْ مُحَمَّدٌ
فَخْرُ الْعَرَبْ مُحَمَّدٌ	صَلُّوْا عَلٰی مُحَمَّدٌ
شَاہِ حَرَمْ مُحَمَّدٌ	بَحْرِ کَرَمْ مُحَمَّدٌ
کَھْفِ الْاُمَمْ مُحَمَّدٌ	صَلُّوْا عَلٰی مُحَمَّدٌ
نُوْرُ الْھُدٰی مُحَمَّدٌ	شَمْسُ الضُّحٰی مُحَمَّدٌ
اَعَلَی الْھُدٰی مُحَمَّدٌ	صَلُّوْا عَلٰی مُحَمَّدٌ
ھَمْ اَشْفَعُ مُحَمَّدٌ	ھَمْ اَکْرَمُ مُحَمَّدٌ
ھَمْ اَشْرَفُ مُحَمَّدٌ	صَلُّوْا عَلٰی مُحَمَّدٌ
خَتَمَ الرُّسُلْ مُحَمَّدٌ	ھَادِیْ سُبُلْ مُحَمَّدٌ
مُرْسَلْ جَمَلْ مُحَمَّدٌ	صَلُّوْا عَلٰی مُحَمَّدٌ
ھَمْ مُقْتَدٰی مُحَمَّدٌ	ھَمْ مُصْطَفٰی مُحَمَّدٌ
ھَمْ مُجْتَبٰی مُحَمَّدٌ	صَلُّوْا عَلٰی مُحَمَّدٌ

بَحرِ عَطا مُحَمَّدٌ	مُشکِل کُشا مُحَمَّدٌ
صَدرِ العُلیٰ مُحَمَّدٌ	صَلُّوا علیٰ مُحَمَّدٌ
اَفضَل نَبِی مُحَمَّدٌ	شَافِعٌ شَفِیعٌ مُحَمَّدٌ
مَا اُمَّتِی مُحَمَّدٌ	صَلُّوا علیٰ مُحَمَّدٌ
اِسمِ نَبِی مُحَمَّدٌ	حَل مُشکِلِی مُحَمَّدٌ
فَضلِ رَبِی مُحَمَّدٌ	صَلُّوا علیٰ مُحَمَّدٌ

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیرِ خَلقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ وَ اَصحَابِہٖ وَبَارِك وَسَلِّم.

چھوٹا سا درود پاک

یہ ایک نایاب درود پاک ہے اس درود پاک کے الفاظ تھوڑے ہیں لیکن برکتیں بے شمار ہیں اور بے مثال ہیں۔

یہ درود پاک شاہ عبدالحق محدث دہلوی نے بھی اپنی کتاب جذ القلوب میں لکھا ہے اور انہوں نے لکھا ہے کہ جو شخص کثرت سے یہ درود پاک پڑھے اسے دنیاوی نعمتوں کے علاوہ قیامت کے دن پیارے آقا کریم ﷺ کی شفاعت نصیب ہوگی۔ مسلمانوں حضور ﷺ کی شفاعت کا نصیب ہونا ہم گناہ گاروں کے لیے بہت بڑی سعادت ہے۔

جو شخص نماز فجر کے بعد کچھ دیر تک قرآن پاک کی تلاوت کرے اور اس کے بعد یہ درود پاک پڑھتا رہے تو اسے بہت جلد اس درود شریف کے کرشمات اور کمالات نظر آنے لگ جائیں گے۔ درود یہ ہے۔

وَصَلِّ عَلٰی اِسۡمِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الۡاَسۡمَاءِ

درود طیب

یہ ایک بہترین درود پاک ہے اگر کوئی شخص گناہوں میں اپنی زندگی برباد کر چکا ہو گناہوں کی نحوست کی وجہ سے اسے ہر طرف سے ناکامی محرومی اور شرمندگی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہو۔ اسے کسی عالم، پیر، فقیر سے بھی کوئی فیض نہ مل رہا ہو تو وہ یہ درود پاک پڑھنا شروع کر دے۔ روزانہ سارے دن میں یہ درود پاک 313 مرتبہ پڑھنا اپنا معمول بنالے تو ان شاء اللہ، اللہ کریم اسے اپنی رحمت اور کرم سے نواز دے گا اس کی ذلتیں عزتوں میں بدل جائیں گی ناکامیاں کامیابیوں میں بدل جائیں گی محرومیاں عطاؤں میں بدل جائیں گی۔

درود طیب یہ ہے۔

صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا شَفِيْعَ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا اَحْمَدَ مُجْتَبٰی مُحَمَّدَ مُصْطَفٰی وَعَلٰی آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَحْبَابِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ

درود حصار

درود شریف سے محبت رکھنے والے مسلمانوں کی خدمت میں درود پاک کا لاجواب تحفہ یہ درود شریف پڑھنے والا شخص آفات سے، بلیات سے، مشکلات سے، مصائب سے، وباؤں سے اور ہر طرح کے حادثات سے محفوظ رہتا ہے کیونکہ یہ درود پڑھنے والا شخص اللہ کی رحمت کے حصار میں آجاتا ہے۔

اللہ کی رحمت ہر چیز سے وسیع ہے اور اللہ کی رحمت اللہ کے غضب پر حاوی ہے اس درود پاک کی پانچ لائنز ہیں ہر ایک لائن کو 20 مرتبہ اس طرح پڑھیں کہ باوضو باادب مدینہ منورہ کی طرف رخ کر کے روضہ رسول ﷺ کا تصور کر کے بڑے ادب اور احترام سے پڑھیں روزانہ کسی بھی وقت پڑھ لیں۔ درود حصار یہ ہے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَانَبِیَّ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَءُوْفُ الرَّحِیْمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ

درود اول

اگر آپ کی کوئی جائز حاجت ہو ضرورت ہو یا کوئی ایسا کام ہو جس میں رکاوٹ آرہی ہو تو رات کو تنہائی میں مصلہ بچھا کر پہلے دو رکعت نماز حاجت کی نیت سے پڑھیں پھر اسی ہی جگہ پر بیٹھ کر 200 مرتبہ درود اول پڑھیں پھر اس طرح دعا مانگیں کہ یا اللہ میں تجھ سے حضرت محمد ﷺ کے حق ہونے کے وسیلے سے سوال کرتا ہوں تو میری فلاں حاجت پوری فرمادے تو ان شاء اللہ، اللہ اپنے پیارے حبیب ﷺ کے صدقے آپ کی دعا قبول فرمائے گا۔ درود اول یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ اَنْبِيَآئِكَ وَاَكْرَمِ اَصْفِيَائِكَ مَنْ فَاضَتْ مِنْ نُّوْرِهٖ جَمِيْعُ الْاَنْوَارِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَاتِ وَصَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ سَيِّدِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ

درود بحر الکمال

اس درود پاک کو بحر الکمال کہا جاتا ہے یہ درود پاک کمالات کا بحر ہے۔

